انوار الحق

فی الصلاۃ علی سید الخلق

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مترجم

مولنا سید محفوظ الحق شاہ مدظلہ

خطیب اعظم بورے والا

ناشر

انجمن خدام احمد رضا

ملتان روڈ

لاہور

l'elevazione PIU ALTA CONOSCIUTA e di 7500 piedi alle coordinati seguenti

Marfat.com

انوار الحق

فی الصلاۃ علی سید الخلق

محمد

لاہور پاکستان

منحة ربانية ودرة نبوية
من نفحات العارف بالله تعالى الشيخ
عبد المقصود محمد سالم
مؤسس جماعة تلاوة القرآن الكريم

مترجم

مولانا سید محفوظ الحق شاہ مدظلہ
خطیب اعظم بورے والا

ناشر:

انجمن خدام احمد رضا

بیت الرضا۔ ۵ بخاری شریف۔ رستم پارک، ملتان روڈ۔ لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

59668

نام کتاب ـــــــ انوار الحق فی الصلوٰۃ علی سید الخلق

مصنف ـــــــ عارف باللہ عبدالمقصود محمد اسلم (مصری) علیہ الرحمۃ

مترجم ـــــــ مولانا سید محفوظ الحق شاہ صاحب

نظرِ ثانی ـــــــ مولانا علامہ محمد منشا تابش قصوری

محرک ـــــــ مولانا محمد اکرم رضوی ایم۔ اے۔ بی۔ ایڈ

صفحات ـــــــ

بارِ اوّل ـــــــ رجب المرجب ۱۴۰۲ھ / مئی ۱۹۸۲ء

تعداد ـــــــ گیارہ صد ۱۱۰۰

انجمن خدامِ احمد رضا

بیت الرضا۔ ۵ بخاری سٹریٹ۔ رستم پارک، ملتان روڈ۔ لاہور

تقسیم کار

جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

مرکز الدعوۃ الاسلامیہ

۲۰۔ ڈی، داخل باب لوہاری۔ لاہور پاکستان

مکتبہ اشرفیہ مریدکے شیخوپورہ

Marfat.com

الصّلوٰۃ والسّلام علیک یارسول اللہ
وعلیٰ آلک واصحابک یاحبیب اللہ

نبی کریم، سیدِ عالم، نورِ مجسم، محسنِ کائنات فخرِ موجودات، رحمۃ للعالمین، خاتم النبیین
سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات کے حضور
صلوٰۃ وسلام کا ندرانہ عقیدت پیش کرنے والا خوش قسمت مسلمان جن حسنات و برکات
کا مستحق بن جاتا ہے ان کا شمار ممکن نہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس مبارک عمل
میں شامل ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس مقام پر ایمانداروں کو محبت بھرے خطاب سے
اس طرح نوازا ہے جس کی مثال قرآنِ کریم میں دوسرے کسی امر میں نہیں ملتی، اپنی
اور فرشتوں کی بات کیے بغیر درود وسلام پڑھنے کا حکم فرما سکتا تھا مگر یہاں تو تخاطب
کا انداز بڑا ہی عجیب اور نکتہ رس ہے، اشتیاق و تحریص کی حد ہو گئی آیت کا دلربا
پیرایہ ملاحظہ کیجئے سوائے اُمتِ محمدیہ کے یہ نرالا اور اچھوتا اندازِ تخاطب کہیں دیکھنے
میں نہیں آیا، ارشاد کی لطافت مجسمہ رحمت بن کر برس رہی ہے :۔ اِنَّ اللّٰہَ وَ
مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

"اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں نبی کریم پر اے ایماندارو

تم بھی ان پر ہمیشہ صلوٰۃ وسلام پڑھتے رہو"

احادیث مبارکہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صلوٰۃ وسلام کے فوائد و
ثمرات سے آگاہ فرما کر اس مبارک عمل کو ہمیشہ ہمیشہ جاری رکھنے کی تاکید فرمائی۔
انبیاءِ کرام کے قصص و واقعات اس پر شاہد ہیں کہ حضور کی جلوہ گری سے قبل نہ صرف
انبیاء کرام علیہم السلام درود شریف پڑھتے تھے بلکہ ان کے بعض امتیوں کا درود شریف
پڑھنا معمول رہا۔ جن و انس کے علاوہ حجر و شجر، جمادات، نباتات تک بھی حضور کی

Marfat.com

خدمت میں صلوۃ وسلام کا نذرانہ پیش کرتے رہے صحابہ کرام اہلِ بیت عظام تابعین و تبع تابعین، محدثین و آئمۂ دین اولیاء و اقطاب، اغواث و ابدال اور کی تو بات ہی کیا ان کے تو روح و فکر کی غذا ہی صلوۃ وسلام رہی عام مسلمان اپنے محبوب نبی کی بارگاہ میں صلوۃ وسلام پیش کرنا سعادتِ دارین تصور کرتا ہے علماءِ سلف و خلف تحریرًا تقریرًا تبلیغ فرماتے چلے آرہے ہیں، ہزاروں کتب صلوۃ اور سلام کے فضائل و مناقب، محامد و محاسن پر تصنیف ہوئیں اور نہ جانے ہر روز کتنی ہی کتابیں صرف اسی موضوع پر منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو رہی ہیں، کتنی زبانیں صلوۃ وسلام میں تر رہتی ہیں اور کتنے ہی قلم ہیں جن کی نوک سے یہی وظیفہ صفحۂ قرطاس پر ثبت ہو جاتا ہے کتنے نقاش ہیں جو صلوۃ وسلام سے نقش کا لجہ کے محاورہ کو درست کر رہے ہیں، کتنے ہی وُہ خوش بخت کاتب ہیں جو عقیدت محبت سے حضور پُر نور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے آنے پر پورا درود شریف لکھنے میں مسرت محسوس کرتے ہیں اور کتنے ہی اہلِ عشق و محبت ہیں جو جمالِ محبوب میں محو الصّلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پکار رہے ہیں

ایسے ہی عاشقانِ رسولِ انام علیہ الصلوۃ والسّلام میں مولانا سید پیر عبد الغفار شاہ کشمیری لاہوری علیہ الرحمۃ ہوئے ہیں جن کا مقولہ ہے لِلنَّاسِ شُغُلٌ وَّلِیْ شُغُلٌ فِیْ تَصَوُّرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

"ہر ایک کا کوئی نہ کوئی شغل ہے مگر میرا مشغلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور درود وسلام ہی پیش کرتے رہنا ہے،،

مولانا جامی اپنے انداز میں یوں پکار اُٹھے: ؎

بود در جہاں ہر کسے را خیالے!

مرا از ہمہ خوش خصالِ محمد!

اللہ اللہ!! نہ جانے وُہ کتنے خوش قسمت عشاق ہیں جن کے صلوۃ وسلام کے جواب میں خود رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سلام مرحمت فرماتے ہیں اور

Marfat.com

ں وُہ بدبخت ہیں جو صلوٰۃ وسلام کو بند کرنے کی سعی ناکام میں پیہم مصروف اپنی عاقبت
تباہ کر رہے ہیں حالانکہ ان کی بھی زبان وقلم سے یہی جینے پر آمد ہو رہے ہوتے ہیں ۔
چھوڑیئے ان کو آیئے عشق ومحبت کی جانب اور دیکھئے درود وسلام کی بہاریں عقیدت
ومحبت سے صلوٰۃ وسلام پڑھنے والا حضور کا امتی جن حسنات وبرکات اور انعامات
سے مالا مال ہو سکتا ہے ان کا اجمالی تذکرہ کیئے دیتا ہوں ممکن یہی تحریر میری بخشش
کا سبب بن جائے

درود شریف :- اعمال کی زینت، درجات کی بلندی، شفاعت کا سبب اور
کفارۂ سیأت ہے۔

درود شریف :- جہنم سے نجات، جنت کی ضمانت، نفاق سے برأت، غضب
سے امان اور رضائے الٰہی کے حصول کا باعث ہے۔

درود شریف :- ہر خیر کا رہنما، ہر شر کا دافع، وظائف میں افضل، نفع بخش تجارت
فتوحات کی چابی اور سنّی کی نشانی ہے۔

درود شریف :- محبوب ترین عمل، قلب کی طہارت، اعمال کی پاکیزگی، محافل
کی زینت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا وسیلہ ہے۔

درود شریف :- نوافل عبادت میں افضل عمل، خدا ورسول کی قربت کا سبب
اور دعاؤں کی قبولیت کا ضامن ہے۔

درود شریف :- رحمت، برکت، مغفرت کے لیئے اکسیر، پلصراط کا نور اور
نورانی تاج کے حصول کا ذریعہ ہے۔

الغرض دین ودنیا اور آخرت میں کامیابی وکامرانی کا عظیم وسیلہ ہے خوش
قسمت ہیں جو خلوص قلب سے اس پر عمل پیرا ہیں درود شریف اللہ تعالیٰ کی نعمتوں
میں بہت بڑی نعمت ہے اور اس کے حصول کے لیئے مال ودولت زر وجواہر کی
قطعاً ضرورت نہیں اس کے لیئے صرف اور صرف اوّلین شرط محبت وعقیدت
ہے اور جو محبت اور سچے عقیدے کی نعمت سے محروم ہوگیا کہ وُہ ہر برکت سے

Marfat.com

محروم ہوا۔

تاجدارِ رُسل صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو شخص مجھ پر درود پڑھنا
گیا وُہ جنت سے محروم ہوا۔ نیز فرمایا کچھ لوگ قیامت کے دن باوجودیکہ ان کو جنت
کے لیئے کہا جائے گا مگر وہ جنت کا راستہ بھول جائیں گے صحابہ کرام رضوان اللہ
اجمعین نے عرض کیا وُہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا جو میرا نام سن کر درود شریف
نہیں پڑھتے ۔

تعجب ہے ان مسلمانوں پر جو نہ صرف خود درود شریف نہیں پڑھتے بلکہ پڑ
والوں کو روکتے ہیں ان پر آوازے کستے ہیں انہیں بدعات و منکرات کا مرتکب
ہیں حالانکہ وُہ خود صلوٰۃ وسلام کی برکات سے محروم ہیں اور صراط مستقیم کو بھو
بیٹھے، پس، جو یہاں صحیح راستہ بھولے بیٹھے ہیں آخرت میں جنت کا راستہ کیسے سجھ
دے گا؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور وُہ مجھ پر درو
نہ پڑھے اس سے بڑا کوئی بخیل نہیں نیز ارشاد ہوا جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور ا
نے صلوٰۃ وسلام پڑھنے سے انکار کیا تو وہ جہنمی ہے مزید فرمایا جس کے سامنے
ذکر ہوا اور اس نے درود شریف نہ پڑھا وُہ بدبخت ہے ۔

دونوں صورتیں اہلِ نظر کے سامنے ہیں خدا البصیرت سے نوازے تو اوّل ال
پر بالالتزام عمل کیجئے اور دوسری صورت سے بوسیلہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ
اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگیں ۔

دِل چاہتا ہے کہ تفصیلی طور پر صلوٰۃ وسلام کے فضائل و مناقب رقم کئے
مگر اُسے کسی اور وقت کے لیئے اٹھا رکھتا ہوں اور زیرِ نظر کتاب انوار ال
کی اشاعت سے متعلق ایک دو باتیں درج کرتے ہوئے کتاب مستطاب پیش
کرنے کی سعادت حاصل کروں گا یہ کتاب کیوں اور کیسے اشاعتی عمل میں آ
اس سوال کا جواب مصنف علیہ الرحمۃ کی زبانی "درود وں کی کہانی میں

کریں گے انہیں کا ذوق میری آپ بیتی میں بھی دیکھا جا سکتا ہے میں جن مرحلوں سے گذر کر یہاں پہنچا ہوں اس کی قدرے روئداد کچھ اس طرح سے ہے :-

میری زندگی کے حسین ترین لمحات وہی ہیں جو دیارِ حبیب میں نصیب ہوئے حرمین شریفین کی حاضری اور مقامات مقدسہ کی زیارت ایسی نعمت کو حاصلِ زندگی سمجھتا ہوں انہی حسین لمحوں کی یاد یہ کتاب انوار الحق ہے جو ہمارے زمانہ کے ایک ولی کامل عاشقِ رسول کے جذباتِ عشق کی ترجمان ہے جسے متن اور ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت انجمن خدامِ احمد رضا کو حاصل ہو رہی ہے ملتِ اسلامیہ کے نامور عالم اور پاکستان کے معروف خطیب حضرت مولانا سید محفوظ الحق شاہ صاحب خطیب اعظم بورے والا سے ترجمہ کی استدعا کی گئی موصوف نے نہایت شگفتہ محبت اور پیار سے لبریز، روح پرور اور ایمان افروز ترجمہ نہایت آسان، سلیس اور رواں اردو میں فرمایا، اور اشاعت کی نگرانی مولانا علامہ محمد منشا تابش قصوری خطیب جامع مسجد ظفریہ (مریدکے) کے سپرد کی، دیرینہ تعلق کی بنا پر ہی نہیں، بلکہ سعادت ابدی کے حصول کی خاطر میری آواز پر انہوں نے لبیک کہا، اَلحمدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَنّہٖ وکَرَمِہٖ کہ میری آرزوؤں کی تکمیل ہوا چاہتی ہے۔

ترجمہ کتاب جب کتابت کے مراحل طے کر چکا تھا تو تابش قصوری صاحب نے اصرار کیا کہ انوار الحق کو متن کے ساتھ شائع کرنے ہی سے خصوصی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں کیونکہ جن محبت بھرے کلمات اور صیغوں سے مصنف علیہ الرحمہ نے حضور سید عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات و محاسن اوصاف و محامد کو عربی متن جسے مزین کیا ہے وہ ترجمہ میں نہیں آ سکتے تھے، میں نے اصل کتاب ارسال کر دی تو انہوں نے مزید لکھا اس عظیم الشان کتاب پر ابتدایہ لکھا جائے ان کے سوال کا جواب میں نے جن کلمات میں ارسال اس کا خلاصہ درج کیے دیتا ہوں تاکہ قارئین اس کتاب کے اشاعتی مقاصد سے آگاہ ہو سکیں

Marfat.com

محترم جناب تابش قصوری صاحب !

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

آپ کا ۲۰ رمارچ کا نوازش نامہ موصول ہوا خدا کا شکر ہے کہ کتاب کا اصل نسخہ آپ کے پاس پہنچ گیا انشاء اللہ ہمارا پروگرام صحیح رہے گا یعنی مقررہ وقت تک کتاب تیار ہو جائے گی۔ ابتدائیہ کے متعلق میرے ذہن میں ۲ راپریل کو خیال آیا تھا اس کتاب کے ترجمہ کی تحریک کیوں ہوئی وہ ابتدائیہ میں دینے کا خیال تھا۔

میں ۱۹۷۹ء میں عمرہ کر رہا تھا، طواف کعبہ کے دوران ایک حبشی یا سوڈانی نوجوان دیکھا جس کے ہاتھ میں یہ کتاب تھی وہ ہر چکر میں اس کتاب کو پڑھ رہا تھا چونکہ یہ عمل کچھ غیر معمولی سا تھا میرے ذہن میں فوراً وہ واقعہ یاد آیا کہ ایک نوجوان خانۂ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے ہر قدم پر بجائے معمول کی دعاؤں کے صرف درود شریف پڑھتا جا رہا تھا لوگوں کے استفسار پر اس نے بتایا کہ میں اور میرا باپ حج کے بعد واپس گھر جا رہے تھے تو راستے میں میرے باپ کا انتقال ہو گیا اور دیکھتے دیکھتے باپ کا منہ بالکل کالا ہو گیا اتنے میں ایک بزرگ تشریف لائے اور میرے باپ کے منہ پر ہاتھ پھیرا تو میرے باپ کے منہ سے ساری سیاہی جاتی رہی اس پر میں بہت خوش ہوا اور ان بزرگوں سے پوچھا کہ آپ کون ہیں تو انہوں نے بتایا کہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔

دوسرا سوال کیا کہ آپ نے میرے باپ پر اتنی عنایت کیوں فرمائی تو آقائے نامدار سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب مرحمت فرمایا کہ تیرا باپ بہت گنہگار تھا اس وجہ سے اس کا منہ کالا ہو گیا۔ لیکن تیرا باپ مجھ پر کثرت سے درود بھیجتا تھا اس کثرتِ درود کی وجہ سے میں نے اس کے چہرا پر اپنا دستِ مبارک رکھا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔

Marfat.com

یہ واقعہ دیگر کتب کے علاوہ مولانا زکریا صاحب کی کتاب فضائل درود شریف میں موجود ہے اس واقعہ کے پیش نظر میرا اشتیاق بہت بڑھا اور کتاب پر نظر ڈالی تو درود شریف کے صیغوں کے عجیب عجیب نگینے نظر آئے میں نے اس سے کہا کہ یہ کتاب مجھے دے دو تم اور خرید لینا لیکن اس نے انکار کر دیا میں نے کہا جتنی قیمت ہے وُہ لے لو اس نے انکار کر دیا میں نے کہا ۵۰، ۱۰۰، ۲۰۰ ریال جتنے لینا چاہتے ہو لے لو مگر وُہ نہ مانا۔ بالآخر میں نے کتاب سے مکتبہ کا پتہ نوٹ کر لیا۔ یہ کتاب مصر سے چھپی ہوئی تھی میں نے عمرہ سے واپسی سے فوراً مصر خط لکھا مگر کوئی جواب نہ ملا پھر ہر وہ آدمی جو بھی مصر جاتا اُس سے درخواست کرتا کہ مجھے یہ کتاب لا کر دو مگر جتنی دیر ہوئی اتنا ہی شوق بڑھتا گیا ۱۹۷۹ء بھی بیت گیا ۱۹۸۰ء بھی گذر گیا ۱۹۸۱ء میں میری کمپنی کے مالک مصر جا رہے تھے ان سے درخواست کی وُہ واپسی پر انجمن تلاوت القرآن قاہرہ مصر والوں سے ملے انہوں نے اصل کتاب انوار الحق کے دس بارہ نسخے اور اپنی دیگر مطبوعات بلا قیمت دے دیں غرضیکہ تین سال تک کتاب کا شوق دل میں نمو پاتا رہا۔

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے یہ خواہش پوری کر دی اب دِل میں شوق ہے کہ بنفس نفیس قاہرہ جاؤں اور مصنف کی آخری آرمگاہ پر جا کر خراج عقیدت اور سلام محبت پیش کرو ں اور ان کے حضور حاضری کا شرف حاصل ہو، یہ تھی تحریک کتاب اشاعت اور ترجمہ کے لیئے میرے خیال میں یہی واقعہ اور فضائل درود شریف پر ہی ابتدائیہ شامل ہونا چاہیئے،

باقی تعارف تھا کہ آپ کے حکم کے مطابق بھیج رہا ہوں لیکن وَاللہ

Marfat.com

ڈر ہے کہ ظالم نفس کہیں بڑائی، غرور یا نمائش میں مبتلا نہ ہو جائے اور اس کی ویسے بھی چنداں ضرورت نہیں کیونکہ یہ ایک مشترکہ کام ہے میری اپنی رائے ہے کہ میری ذات کو بیچ میں نہ گھسیٹا جائے یہ ان پاک لوگوں اور ہستیوں کا ذکر ہے کہ ہم جن کی خاکِ پا کے برابر بھی نہیں ڈرتا ہوں کہ میرے نام آنے کی وجہ ان کی ارواحِ طاہرہ کو کراہت نہ ہو"

انجمن خدام احمد رضا یکم ربیع الاول ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء کو جامع مسجد نوناریاں نیو شالیمار روڈ میں چند رفقا کا اجلاس ہوا جس میں محترم جناب راجا رشید محمود ایم اے اور ڈاکٹر طاہر قادری بھی شامل تھے، احباب نے مقاصدِ اجتماع پر روشنی ڈالی انجمن کی تشکیل کا مرحلہ سامنے تھا مگر موزوں سا نام موضوعِ بحث بنا تو راجا رشید محمود نے انجمن خدام احمد رضا نام پیش کیا چنانچہ اسی پر اتفاق ہو گیا، عہدہ داران کے انتخاب میں راقم الحروف کو صدر، راجا رشید محمود کو انتظامی امور کا نگران اور ڈاکٹر طاہر قادری کو جنرل سیکرٹری نامزد کیا گیا انجمن نے اپنی باقاعدہ کاروائی کا آغاز ۱۴ر جون ۱۹۷۶ء کو یوم اعلیٰ حضرت کے عظیم الشان جلسہ کی صورت میں کیا اہل سنت جماعت کے کثیر علماء کرام نے شمولیت سے اس جلسہ کو کانفرنس میں بدل کر رکھ دیا حضرت الحاج صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری مدظلہٗ نے صدارت فرمائی جب کہ مہمانِ خصوصی کے طور پر الحاج حکیم محمد موسیٰ امرتسری صدر مرکزی مجلس رضا لاہور اور حضرت مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ تھے، بعدہ یہ تقریب ہر سال ۱۴ر جون کو یونہی اسلامیہ ہائی سکول لاہور میں منعقد ہوتی رہی ہے انجمن نے صرف سالانہ اجلاس پر ہی اکتفا نہیں کر رکھا بلکہ نشر و اشاعت کے سلسلہ میں بھی اقدام کئے پہلے پہل راقم السطور کا تعارفِ اعلیٰحضرت، کے نام سے ایک رسالہ شائع ہوا جب کہ اقبال و احمد رضا کے نام سے ایک اہم تصنیف راجا رشید محمود

کے قلم سے منصۂ شہود پر آئی تو اس کی پہلی اشاعت کا فخر انجمن خدام احمد رضا کو حاصل ہوا اشاعتی سرگرمیوں کو مزید جلا بخشنے کے لیئے انوار الحق ایسی نورانی کتاب کو وسیلہ بنایا جا رہا ہے انشاء اللہ العزیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالیہ میں صلوۃ وسلام کا یہ گلدستہ باریابی حاصل کرے گا۔

انجمن خدام احمد رضا، روحانیت کا مقدس تحفہ پیش کرتی ہوئی ان تمام حضرات کی ممنون ہے جنہوں نے اس کی اشاعت میں کسی بھی طرح حوصلہ افزائی فرمائی مصنف علیہ الرحمہ کی روحانی قوت ہماری طرف مبذول رہے۔ حضرت مترجم مدظلہ خصوصی دعا سے نوازیں، احباب ورفقاء خوش رہیں اور اہل سنت وجماعت اپنے معمولات ومعتقدات کا تحفظ کریں۔

صوفی سلامت علی، صوفی محمد انور نے بھی اس سلسلہ میں خصوصی کردار انجام دیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں اور جملہ احباب کو دارین کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین بجاہِ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

محتاجِ کرم :- محمد اکرم رضوی

صدر انجمن خدام احمد رضا بخاری سٹریٹ (ملتان روڈ) لاہور
۲۶ ر رجب المرجب ۱۴۰۲ھ ۲ مئی ۱۹۸۲ء جمعۃ المبارک —

Marfat.com

معروضہ

انوار الحق فی الصلوٰۃ علیٰ سید الخلق سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کی سعادت احقر کو ایسے وقت میں نصیب ہوئی جب کہ بندہ روحانی و جسمانی مصائب میں مبتلا تھا غم و آلام کا تذکرہ اپنے قریب ترین رفقاء سے کرنا بھی مناسب نہ سمجھا جہاں کہیں احباب سے ملاقات حسب معمول خندہ پیشانی سے ملتا تاکہ میری کسی بھی تکلیف کو محسوس کرکے ان کو پریشانی نہ ہو اس مقصد میں گو پوری کامیابی حاصل نہ کر سکا تاہم اکثر احباب کو میری تکالیف کا قطعاً علم نہ ہو سکا یوں سکون و اطمینان کا پردہ حائل رہا۔

انسان جب اپنے آپ کو بے یار و مددگار پاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں عرض و معروض کا جو لطف آتا ہے اسے الفاظ میں نہیں بیان کیا جا سکتا پھر بندہ و مالک، غلام اور آقا کا اتنا حسین ربط ہو جاتا ہے جسے دوسرا نہ محسوس کر سکتا ہے اور نہ ہی اس کی معرفت حاصل کر پاتا ہے بس یہی وہ لمحات ہوتے ہیں جب مصائب و آلام راحت و اکرام کے مترادف بن جاتے ہیں میری بھی کچھ یہی کیفیت رہی اور اعتراف خطا کے ساتھ ساتھ دل کو یوں تسلی دیتا رہا ؎

میری رات کی دعائیں نہیں جو قبول ہوتیں
میں سمجھ چکا یقیناً ابھی مجھ میں کچھ کمی ہے!

کمی کا احساس بھی روحانی زندگی سے عبارت ہے مگر جہاں کچھ بھی نہ ہو وہاں کمی کا گمان کیسا دل کو قرآن پاک نے یوں تسلی دی لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔

Marfat.com

اس کے دریائے کرم میں موجد اٹھتی ہے ضرور
مانگنے والا کوئی دل سے پکارے تو سہی!

بس پھر کیا تھا۔ نہ جانے دل کی پکار کو قبولیت کی دولت کب سے حاصل ہو چکی تھی کہ برادرِ دینی و یقینی حضرت مولانا صوفی محمد اکرم صاحب رضوی ایم اے سنہ نے انوار الحق ایسی عدیم النظیر اور بابرکت کتاب کے ترجمہ پر نظرِ ثانی کا ارشاد فرمایا یوں مجھے پریشانیوں سے نجات کی ایک پرنور راہ دکھائی دی۔ الحمد للہ! مجھے اس بابرکت کتاب کا خاصا فیض ملا۔

ترجمہ کی روانی میں محبت کی فراوانی اور عشق کا ایمان افروز منظر دلکش سماں عیاں دیکھا پیار بھرے کلمات نے متن کی راہ دکھائی فصیح و بلیغ عربی جملے بہار پر بہار دکھا رہے تھے

عارف جلیل، ولیٔ کامل حضرت مولانا سید عبد المقصود محمد سالم علیہ الرحمۃ کے عشقِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوے نظر آئے عجیب و غریب الفاظ سے درود و سلام کو مرصع کیا گیا ہے جسے پڑھتے ہوئے انسان اپنے ایمان میں کیف و سرور محسوس کرتا ہے اور بلاشبہ محبت سے ان کلمات کو وظیفہ بنانے والا ایماندار حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے فیض یاب ہو سکتا ہے درودوں کی کہانی میں مصنف نے بڑی احتیاط سے چند باتیں تحریص و تشویق کے طور پر درج کی ہیں جسے ایماندار پڑھ کر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کے لیے یقیناً مستعد ہو گا آخر میں مصنف علیہ الرحمہ کے خلیفۂ ارشد اور داماد پُر اعتماد نے بھی چند دردمند الفاظ درج کر کے خصوصی کرم فرمایا ہے علمائے اسلام میں سے دو فضلاء نے تقاریظ لکھ کر کتاب کو سند کی حیثیت سے قبول کیا ہے حضرت مترجم دامت برکاتہم کا ترجمہ اہلِ عشق کے لیے گرانقدر نعمت ہے، حقیقت میں یہ جملہ انعامات تاجدارِ عرب و عجم سیدِ عالم نورِ مجسم رسولِ مکرم نبیٔ محترم جناب احمدِ مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کی طرف سے ہیں۔

لہذا اس بابرکت جماعت یعنی مصنف، ناشر، مؤیدٔ محرک کے دامن کے ساتھ لپٹ کر سراپا خطاکار محمد منشا تابش قصوری بارگاہِ رسالت میں عرض گذار ہے کہ حضور! میرے ناگفتہ بہ احوال درست فرمایئے، عبادت کا شوق، عمل کی مضبوط راہ اور دریائے عشق و محبت سے ایک قطرہ مرحمت فرمایئے ؎

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ عطا میں دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ جل جلالہٗ صوفی محمد اکرم، ڈاکٹر طاہر قادری، صوفی محمد انور، صوفی سلامت علی، صوفی امانت علی، راجا رشید محمود اور جملہ اراکین و معاونین انجمن خدام احمد رضا کو اپنی پیہم نوازشات سے بہرہ ور فرما جنہیں اس کتاب کی اشاعت کی تو نے توفیق مرحمت فرمائی اور اس اشاعت کو شرفِ قبول سے نواز آمین۔

بجاہِ رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم

محتاجِ دعا :۔ **محمد منشا تابش قصوری**

خطیب جامع مسجد ظفریہ مریدکے ۱ رجب المرجب ۱۴۰۲ھ ۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سیدی یا رسول اللہ

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اے عالمِ وجود کے جوہر اور آئینۂ ظہورِ کائنات، اے عالم شہودات کے سورج اور اس کے نور کے طاق. درود شریف کے صیغوں کے معانی آپ کی روح پاک کی طرف سے ہی میرے میں ڈالے گئے اور انہیں اللہ تعالےٰ کی رضا جوئی کے لیے آپ کی معطر دہلیز پر ہدیہ پیش کرتا ہوں اور آپ پر سلام ہو اے اور اللہ کی رحمت۔

الخادم المخلص الامین، عبدالمقصود محمد سالم

ربیع الاول شریف ۱۳۶۸ھ

Marfat.com

گذارش

قارئین کرام!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سلام کے بعد گذارش ہے کہ بڑی عبادات اور افضل طاعات میں رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیجنا ہے تو اے میرے دوست تعالےٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی محبّت میں میں تجھ سے کرتا ہوں کہ ان درودوں کی تلاوت کے وقت تو اپنی عادت و علامت بنا لے گویا تو انہیں حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے دربار میں حاضر ہو کر عرض کر رہا اور تو اس حاضری کے جمال اور روحانیت کے جلال کا تصوّر اپنے ذہن میں جمالے اور یقین کرلے کہ ان کی روحِ انور تیرے پاس ہے اور ان کے انوار تجھ پر جلوہ ریز ہیں پھر باطنی پاکیزگی اور نورِ بصیرت سے تو ان کے جمال پر انوار کو دیکھنے کا شرف حاصل کرلے گا۔

نیز حضور علیہ السّلام سے گفتگو کا شرف پائے گا اس اعتقاد سے کہ تو ان سے بغیر پردہ کے مخاطب ہے، اس وقت پردہ اٹھ جائے گا اور تو ان کی طرف سے جواب کی سعادت حاصل کرے گا اور بلا شک وشبہ ان کے خطاب سے لذّت پائے گا اور اپنے دل میں اس شعور کو پیدا کرنے کے لیے اپنے نفس کو ریاضت میں ڈال تاکہ تو اپنے نفس پر چمکنے والے انوار پر قابض ہو جائے تو حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت کرے۔

Marfat.com

اگر عالم بیداری میں نہیں تو خواب میں ہی سہی۔ حدیث شریف میں آیا ہے
اللہ تعالے نے کچھ فرشتے ایسے مقرر کر رکھے ہیں جو مجھے میری امّت کا سلام
پہنچاتے ہیں اور یہ کیوں نہ ہو جبکہ تو ہر روز اپنی نمازوں میں کئی کئی بار ان سے مخاطب
ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے: السّلام علیک ایھا النبیّ و رحمۃ اللہ برکاتہٗ
اور یہ نہیں مگر اس لیے کہ تو ایسی روح پاک سے مخاطب ہے جو کہ بیدار، حاضر،
جاننے والی اور درود شریف پڑھنے والوں کے درودوں کو سننے والی ہے۔ اور
اللہ تعالے کے حضور مخاطبت قیل و قال، فلسفہ اور کثرت جدال سے نہیں ہوتی
بلکہ ہمیشہ اطاعت کرنے، ذکر کرنے، حالات پر توجہ رکھنے، خیرات کرنے، بیدار
رہنے، آنسو بہانے اور اعمال صالحہ اپنانے میں ہے۔

پس بے شک اللہ تعالے کا آسمان چمکتا ہے جس سے امید کی کرنیں بکھر
رہی ہیں اور جب تو اس شعور کو حاصل کرنے اور اس نور کو پانے میں عاجز ہو جائے
تو استغفار کے پانی سے گناہوں کے غبار کو دھو ڈال اور مشاہدہ اسی قدر
حاصل ہوتا ہے جتنا مجاہدہ ہو، تو دروازہ کھٹکھٹا پردہ اٹھ جائے گا اور مجاہدہ
کر عجیب اسرار دیکھے گا۔

یہ تیرے رب کی عطا ہے آگے کسی پر احسان کر یا روک کوئی حساب نہیں۔

عبدالمقصود محمدؐ سالم
بانی جماعت تلاوت القرآن الحکیم

دار جماعت تلاوۃ القرآن الحکیم
قاہرہ ماہ ربیع الاوّل شریف ۱۳۹۹ھ
۲۹ جنوری ۱۹۷۹ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الفاتحہ

صلوٰۃ نور الیقین علیٰ سید المرسلین

بے شک اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی درود پڑھو اور خوب خوب سلام پڑھو۔

اے میرے اللہ درود شریف بھیج اور سلامتی اور برکتیں نازل فر[ما] ہمارے سردار اور مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تیری موجودات کے وجود کے ظہو[ر] کے مشاہدہ کا دروازہ کھولنے والے۔ تیرے اسمار کی جلوہ گاہ، تیری صفات کے مظہر ہیں۔

جنہیں تو نے اپنے ذاتی نور سے پیدا فرمایا اور اپنی تمام مخلوقات کو ان کے نور سے پیدا فرمایا جو کہ جلال ہیں تیرے اس عرش عظیم کا جسے تو نے اپنی حسین قدرت ایجاد سے عدم سے وجود میں ظاہر فرمایا۔ سرّ لیلنے راز ہیں تیری اس شان والی کرسی کا جو تیرے زمین و آسمان میں تیرے امر کے جلووں کی صورت کو گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ عظمت ہیں تیری اس لوح محفوظ کی جس میں تو نے اپنی تقدیروں کی باریکیوں کو ودیعت رکھا ہے۔ سیاہی ہیں تیرے اس عجیب قلم کی جس کے ساتھ تو نے اپنی عظیم مشیئتوں کو ظاہر کیا۔ روشن وجو[د] کا نکھار اور افق اعلیٰ کی چمک ہیں۔

Marfat.com

جن کی وجہ سے تیرے خاص بندوں کو روشنی ملی۔ تیری بخشش کے چھلکتے
ڈولوں سے زوردار برسنے والی پاک باران رحمت ہیں۔ تیرے احسان کے مرتبوں
کو پانے کے لیے تیرے کرم کے باغات میں وسیع و عریض پھیلنے والے انصاف
کے بحر عظیم ہیں۔ تیرے چھپے ہوئے محفوظ خزانے کی کنجی ہیں جس کی وجہ سے تو نے
اپنے اسرار کے گہرے غیب کھولے۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ سب سے زیادہ
ظاہر، سب سے روشن، سب سے چمکدار، سب سے واضح، سب سے ٹھوس
مضبوط نقطہ ہیں جو کہ عالم غیب سے عالم شہادت میں ظاہر ہوا تاکہ عارفوں کے
لیے اشارہ اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور خوش خبری ہو۔ اللہ تعالےٰ ان
پر درود بھیجے افضل درود اور کامل سلام جیسا کہ ان کی قدر عظیم کے مناسب اور
مقام کریم کے لائق ہو اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ شرافت و
عزت والے ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ
ان کی محبت میں وارفتگان کی رونق ہیں اور دلوں کو انوار ایمان سے روشن فرمانے
والے ہیں۔ قرآن پاک کے اسرار کے ساتھ سینوں کو شفا دینے والے ہیں احسان
فرمانے والے رب کریم کا عطیہ اور رضائے خداوندی کا ذریعہ ہیں۔

جنہیں اللہ تعالےٰ نے حکمت اور بیان کے ساتھ خاص فرمایا اور اللہ کے
دین کو تمام دینوں سے بہتر کیا۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت
محمدؐ پر جو کہ دوست ہیں جبکہ کوئی دوست نہیں ہوتا۔ طبیب ہیں جب کہ طبیب مشکل سے
ملے۔ مصائب کی شدت کے وقت دلوں کی راحت، دوا کا راز، شفا کی بنیاد
آسمان کی عنایت، امید کی مصدر، اللہ تعالےٰ درود بھیجے آپ پر اور آپ کی
وفادار آل پر اور آپ کے رحمدل صحابہ کرام پر ایسا درود جو تمام کمالات کو گھیرے

Marfat.com

میں پیلے ہوئے ہو اور تمام درودوں سے بلند، اس درود کی برکت سے ہمیں
فریب اور حسی رکاوٹوں، گناہوں کی برائیوں، آنکھوں کی خیانت اور جو کچھ سینو
چھپا ہوا ہے اس کی برائی سے پاک فرمائے۔ ایسا درود کہ اس کی وجہ سے
تمام کوتاہیاں اور بیہودگیاں معاف فرمائے اور زندگی میں اس کی وجہ سے ہما
پردہ پوشی فرمائے اور موت کے بعد رحمت فرمائے۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر درود رحمت اور سلا
برکت و رضوان، وہ درود کہ جب سے تو نے کائنات کو پیدا فرمایا کسی نے ا
کی مثل درود نہ بھیجا ہو اور نہ کبھی کوئی مخلوق ایسا درود بھیجے اور آپ کی آل اور
اصحاب پر جو کہ عرفان کے سورج ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آ
حضرت محمدؐ پر جو کہ خوفِ خدا رکھنے والوں کے رونے کی لذت، عبادت گذار
کی روحانی مسرت کی طاقت، یقین والوں کی دلیل، واصلان درگاہ کا نور بصیر
اور بارگاہ شہود و تمکین کی طرف مقربین کے راہنما ہیں۔ اے میرے اللہ درو
بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ ہدایت اور ثابت قدمی کی بنیاد، امن
سلامتی کا سرچشمہ، عزت و بزرگی کی جائے پناہ اور قیامت کے دن تنہا شفاعت
فرمانے والے ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر، پاکیزہ روح، ذکر
کرنے والی، شکر گذار، تیری ذات عالی کے نور سے مدد لینے والی، اور
تیری رضا پر راضی جان، تیری بارگاہ میں پسندیدہ، عالی مرتبت، پاکیز
صاحب تقویٰ، اطمینان والی، کمال والی، خلق کی اعلیٰ اوصاف سے مزین
اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار اور مولیٰ حضرت محمدؐ پر کہ اللہ کا
عظیم ہیں، جس کی وجہ سائلوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور مظلوموں کی فر

Marfat.com

کی لیت کے لیے اللہ کا بیت المعمور ہیں۔ مصیبت زدوں کی مصیبت اٹھانے کو رحمت
کی بلند بالا چھت ، ظالم سرکشوں کو روکنے کے لیے قدرت کا متلاطم دریا ،
کا روشن معتدل راستہ ، اللہ کی درست سیدھی راہ ، تیری ہدایت کے
رستے کی طرف تیرے بندوں کے راہنما ، تیری رحمت جو کہ تیری تمام مخلوقات
شامل ہے۔ تیرے آسمان وزمین والوں کے لیے تیری نعمت کاملہ ، بلند و بالا
جات اور افضل و اعلیٰ مقامات والے۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ ذکر کرنے
والوں کے دلوں میں محبت کے انوار کا فیض ہیں۔ رکوع و سجود کرنے والے
بزہ لوگوں کی ارواح کے لیے فیوض و برکات کا شیریں گھاٹ ، روزہ داروں
عاجزی کرنے والے کے دلوں کے لیے عنایات خداوندی کا بھرپور مقام اور
شب نشینوں قیام کرنے والوں کے دلوں میں ایمان کی حلاوت۔ اے میرے
اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جنہوں نے اپنے غالب دلائل سے
سخت سنگین دلوں کو روشن فرمایا۔ یہاں تک کہ وہ بیداری کے نور میں
ذکر کرنے والے عبادت گذار ، شکر گذار ، حمد کرنے والے ، قناعت کرنے
والے دنیا سے بے رغبت ہو گئے۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ ہدایت کے
فلک میں چلنے والا تیرا چاند اور رضا کی فجر میں تیرا چمکنے والا چودھویں کا چاند
اور صبح قبول میں تیرا کامل نور ، عقل کے میناروں کے چھپ جانے کے وقت ،
تیری غالب ظہر اور تیری چمکدار عصر اور تیرا نور فائق ہیں۔ اے میرے اللہ درود
بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ اللہ کا چمکنے والا ، غالب روشن سورج
دائرہ وجود کے فلک کا روشن منور قطب ، صاف و شفاف انوار کا طاق ،

Marfat.com

دنیا کی رحمت اور آخرت کی سعادت ہیں - اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے
حضرت محمدؐ پر عقلوں کی روشنی ، افکار کا طاق ، نفسوں کی ہدایت ، آنکھ
کا نور ، تیرے چنے ہوئے بندے ، سب اچھوں کے اچھے ، اسرار کا سویرا ، نیک
کے میر محفل ، پیشوائیوں کا قبلہ ، انوار کی پناہ گاہ ، اللہ کی اطاعت ، اللہ کی حفا
اللہ کی ہدایت اور اللہ کی (بندوں کے لیے) سہولت - اے میرے اللہ درو
بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر وہ درود کہ مجھے ان تک پہنچا دے اور مجھے
ان کی خدمت میں حاضر کر دے اور مجھے ان کے دربار کے قریب کر دے او
مجھے ان کی زیارت کا فائدہ دے تو میں آپ کو ظاہر دیکھوں اور آپ کی بیدا
اور خواب میں زیارت کروں اور میرے دل کی آنکھ ان کی عین ذات پر پڑے
اور میں آپ کی توجہ سے استفادہ کروں اور آپ کی خدمت میں خفیہ التجا
پیش کرنے میں کامیاب ہو جاؤں اور مجھے اپنے نور کی برکت سے نور یقین
کی ہدایت دے اور اپنی طرف سے روح کے ساتھ میری مدد فرما - اے سب
سے زیادہ رحم فرمانے والے اور یہ کہ میں ایسے اچھے عمل کروں جو تجھے پسند
ہوں اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما -

(۲) مسلسل و متواتر رحمتوں کے درود شریف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اے میرے اللہ درود بھیج - اور سلام اور برکت فرما ہمارے آقا حضرت
محمدؐ پر جو کہ جلال کے آسمان میں غالب نور ، جمال کے حسن کے حوض کوثر سے
برسنے والی باران رحمت ، سب امتوں پر چھکنے والا رحمت کا سورج ، پرانے
وقتوں سے نجات کے بادل کی بارش ، اللہ تعالیٰ کے فیوض کے احسانات

59668

Marfat.com

ی کلمات کا مقام ورود ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ
۔ تیری بھرپور عطا کا مصدر، تیرے روشن احسان کا گھاٹ، تیرے کرم کی بارش
ے دلوں کو سیراب کرنے والے اور تیرے مشاہدہ کے نور سے نفسوں کو زندہ
فے والے، پس ان میں حرکت پیدا ہوگئی اس کے بعد کہ وہ بے حس و حرکت
ے اور تیری متواتر رحمتوں سے نرم ہوگئے۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ محبّت والوں
دلوں کی رسیوں کے مالک، مقربین کی روحوں کی لگاموں کو کھینچنے والے، احسان
میدان اور تمکین کے باغ میں عارفوں کی مدد ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج
رے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ سائلوں کی نعمت، اعتکاف کرنے والوں کا انس
جزی کرنے والوں کی عزّت، دنیا سے بے رغبتی کرنے والوں کا فخر، مصیبت کے
ون کے مددگار، ڈر والوں کی امان، توحید والوں کی صفائی، غور و فکر کرنے
لوں کا چراغ، سوالیوں کی ہدایت اور سب جہانوں کے لیے بہت بڑی نعمت
ں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ اسلام اور مسلمانوں
سرمایہ، سچ بولنے والے ہمیشہ سچے، امانت والے، شکر گذار بہت زیادہ
شکر کرنے والے، انبیاء میں اعلیٰ اور مدثر مزمّل طٰہٰ یٰسین ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر وہ درود کہ اس
ی وجہ سے تو میری روح کو ان کی محبّت میں قوی فرما دے اور میری زبان کو
س کی وجہ کھول دے تو حضور کی بارگاہ میں عرض پیش کر سکے۔ اے میرے
اللہ جب میں بیمار ہو جاؤں تو ان کی رضا کے ساتھ مجھے شفا عطا فرما اور جب
مجھے پیاس لگے تو ان کے ذکر کا پانی پلا اور جب میرے سامنے حجاب آ جائے
تو ان کی برکت سے میرے دل سے غفلت کا پردہ دور فرما دے اور میری

روح کو ان کی بارگاہ میں پہنچا دے اور میرے نفس کو ان کی شریعت کے پاک فرما دے اور میرے دل پر ان کی محبّت کے انوار روشن فرما اور مجھے کی ملاقات کی سعادت فرما اور مجھے ان کی زیارت عطا فرما اور جب قدم جائے تو اے میرے مولا ان کی برکت سے مجھے سہارا دے اور مجھے ان سیرت کے ساتھ ہدایت دے یہاں تک کہ میں عدم سے زندہ ہو جاؤں اے میرے اللہ اپنے کامل مبارک درودوں کا افضل درود بھیج اور پاکیزہ روشن سلاموں کا اکمل سب سے کامل سلام بھیج اور اپنی معطر و برکتوں کی اعظم سب سے اعظم برکت فرما اور اپنی مسلسل و غالب رحمتوں سب سے بزرگ رحمت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور مجھ سے درودوں کا افضل درود اور ان کا سب سے زیادہ بزرگ، سب سے زیادہ کثرت والا سب سے بڑا، سب سے زیادہ مکمل، سب سے زیادہ عام، سب سے زیادہ خوشگوار، سب سے زیادہ روشن، سب سے زیادہ جامع، سب سے زیادہ خوبصورت اور سب سے زیادہ کامل درود قبول فرما۔ اور ان کے دربار میں برکتوں کی سب سے زیادہ وافر، سب سے زیادہ سعادت والی ہمیشہ قائم رکھنے والی، سب سے عظیم، سب سے بلند، سب سے زیادہ روشن سب سے زیادہ شیریں، سب سے زیادہ چمکدار، سب سے زیادہ پوری سب سے زیادہ پاکیزہ، سب سے زیادہ صاف سب سے زیادہ ترقی پذیر اور زیادہ باقی رہنے والی برکت فرما۔

وہ درود جو منوّر روشن پاکیزہ غالب، ضیاء پاش، زینت بخش، بلند بڑھنے والا، چمک دمک والا عالی مقام، شفاعت کرنے والا، کھولنے والا بخش معطر، صاف آسان، فائق پاک، بلند و بالا، حسین پاکیزہ جس میں

Marfat.com

کمال اور اخلاص کی روح ، رضائے کامل ، قبول عام ، ثواب کثیر اور ہمیشہ رہنے والی نعمتیں شامل ہوں ۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو انبیاء میں سے چنے ہوئے اور رسولوں میں سب سے بہتر ہیں اور ہمارے سردار حضرت جبرائیل پر جو کہ پاکیزہ روح امین ہے اور ہمارے سردار حضرت میکائیل پر جسے تو نے بارشوں اور ہواؤں پر مقرر فرشتوں میں کیا اور ہمارے سردار حضرت اسرافیل پر جو کہ قیامت کے دن صور پھونکنے پر مقرر ہے اور ہمارے سردار حضرت عزرائیل پر جس کی تو نے تمام مخلوقات کی روحیں کھینچنے پر اپنی قوت سے مدد فرمائی اور ان فرشتوں پر جو کہ تیرے عرش کے ارد گرد پرے باندھے کھڑے ہیں ۔

جو کہ تیرے ایمان والے بندوں کے لیے بخشش مانگنے والے ہیں اور پاکیزہ ملائکہ کروبین پر اور عزت والے سفیروں پر اور نگہبانی کرنے والے پاک فرشتوں پر اور کراماً کاتبین پر اور منکر نکیر پر اور مالک اور رضوان امین پر اور سارے ملائکہ پر جو کہ آسمانوں اور زمینوں کی طرفوں میں موجود ہیں ۔

اے میرے اللہ میری طرف سے ان کی بارگاہ میں ایصال فرما اور انہیں میری طرف سے اپنے اکرام کے وافر زائد درودیں سے اور اپنے عجیب بے مثل حسین انعام میں سے اور اپنے فیوض کی کثیر جلیل عظیم امداد دے اور اپنے جلال کے انوار کے اعلیٰ منازل سے اور اپنی عطاؤں کے چشمۂ تسنیم کے مہر زدہ شربت شیریں سے اور اپنے اعلیٰ درودوں اور روشن سلاموں سے اور اپنی پوری رحمتوں اور کثیر برکتوں سے اور اپنی اعلیٰ نعمتوں اور بلند نوازشات سے اور اپنی پاکیزہ رضا اور بہترین عطاؤں میں سے پہنچا جو ان کے لیے تیری رضا کے ساتھ باقی رہنے والی نعمتیں اور تیری بقا کے ساتھ ہمیشہ کا ن ہو ۔

Marfat.com

یا اللہ یا قریب یا سمیع سننے والے یا مجیب اے قبول فرمانے والے۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ انبیاء کا فخر، مخلصین کے قائد، اولیاء کے چراغ، نیک بختوں کی دلیل، ارباب وفا کی نعمت اور جزا کے دن جنتیوں کے محبوب ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ تیری نہایت روشن منور کرنے والی بزرگی کے سورج کا چراغ، تیری پر انوار عزت کے چاند کا نور، تیرے بلند روشن فضل کے ستارے کی روشنی اور تیرے بے مثل اعلیٰ بھید کا ستارہ ہیں۔

جن کے مرتبے کو تو نے نبیوں میں اونچا فرمایا اور ان کی بزرگی کو رسولوں علیہم السلام میں ظاہر فرمایا اور اعلیٰ علیین میں اپنے عرش کے ستون پر اپنے نام کے ساتھ ان کے نام کو ملایا اور تو نے اپنے ذکر کے ساتھ ان کے ذکر کو قیامت تک بلند فرمایا اور تو نے انہیں پہلوں پر فضیلت دی اور پچھلوں میں انہیں عزت عطا فرمائی اور ان کے ساتھ آسمانوں اور زمینوں کے رہنے والوں کو عزت دی۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر گھڑیوں دنوں مہینوں اور سالوں کی گنتی کے برابر اور ان میں زندوں اور مردوں، حرکات و سکون لمحوں اور لحظوں، اشاروں اور کھٹکوں، سانسوں اور روحوں اور جو کچھ آسمان میں مختلف مخلوق، ثابت ستاروں، چلنے والے ستاروں، بارش برسانے والے بادلوں سے ہے اور جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان اڑانے والی ہواؤں اٹھنے والے انوار، بکھرے ہوئے ذرات اور تیرے انوار میں پیر سنے والی روحوں میں سے ہے اور جو کچھ زمین میں قسم قسم کی مخلوق ہے۔ انسان جن اور حیوان اور اس کے علاوہ جنہیں بیان میں گھیرا نہیں جا سکتا کی گنتی کے برابر اور زمین میں ظاہر اور چھپی ہوئی اور اس پر بلند و بالا اور گھیرنے والے دور دراز تک

Marfat.com

پھیلنے والے پہاڑوں اور جاری نہروں، پکے پھلوں والے باغات، بلند کھجوروں۔ نلہ اور انگوریوں، خوشبودار پھولوں، بڑھنے والے خوشوں پر پھیلانے والے پرندوں اور شاخوں پر چہچہانے والی ذکر کرنے والی بلبلوں اور تیری تسبیح سے لذت پانے والے مونہوں، تیری اطاعت میں متحیر اعضاء، سچائی کے ساتھ تیرے حضور عاجزی کرنے والے نفسوں، تیرے دن میں روزہ رکھنے والے پیٹوں، تیری رات میں سجدہ گذار پیشانیوں، تیرے جمال ذات کی طرف جھانکنے والی آنکھوں، تیری ذات کے عاشق دلوں، تیری یاد سے بہنے والے آنسوؤں، گریہ زاری کے ساتھ تجھ سے ڈرنے والے دلوں، تیرے شوق میں جلنے والے جگروں، تیرے لیے قرآن پاک کی تلاوت کرنے والی زبانوں، تیرے مقام قدس کی طرف اٹھنے والی دعاؤں تیرے عاجزی کرنے والے محراب عبودیت میں اعتکاف کرنے والے بندوں اور تیرے ذکر کے ساتھ تہلیل اور تیری حمد کے ساتھ تسبیح پڑھنے والے فرشتوں کی گنتی کے برابر اور جو کچھ ہم جانتے ہیں اور جو کچھ تمام موجودات میں ظاہر اور مخفی ہماری سمجھ سے بالاتر ہے کی تعداد کے برابر۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جن پر تو نے درود بھیجا اس سے پہلے کہ جہانوں میں سے کوئی ان پر درود بھیجے اور تو نے نمازوں کو آپ پر پڑھنے کے ساتھ عزت عطا فرمائی، تو تو نے نیک بخت کر دیا اسے جس نے مخلوق میں سے آپ پر درود شریف پڑھا اور تو نے آپ کو مخلوق کے لیے رحمت بنا کر بھیجا جیسا کہ تیرا واضح ارشاد ہے:

"اے محبوب ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر رحمت جہانوں کی" ایسا درود کہ اس کی وجہ سے تو ہمارا فکر، خوف اور وہم دور فرما دے اور ہمیں اس کی وجہ سے تمام مرضوں، دردوں اور بیماریوں سے شفا دے اور بیداری اور خواب

Marfat.com

ہیں ہماری حفاظت فرما اور ہمارے لیے گناہ اور جرم بخش دے اور ہمیں شب و روز کی گردشوں سے محفوظ فرما اور ہمیں اس پردے سے چھپا لے کہ اس میں جو بھی چھپا ظلم سے بچ گیا۔ تو پاک ہے اے نور اور انعام عطا فرمانے والے، اے بزرگی اور انعام دینے والے تیرا نام بابرکت ہے، تو ہی دنیا و آخرت میں میرا مددگار ہے مجھے مسلمان فوت کر اور نیک لوگوں میں شامل فرما۔

۲۔ چمکنے والے انوار کی درودیں، صلوات الانوار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اے میرے اللہ درود سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ انوار رحمانی کا طاق، فانوس مثالی کے چراغ کا نور، فرقان کے مقاصد کے لیے حسن کامل کا معنیٰ، حق سبحانہ و تعالیٰ کی امدادوں کی اصل ان اسرار کی رمز جن کے متعلق قرآنی آیات میں شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ سے تعبیر کی گئی ہے انوار کا شعلہ اور اسرار خداوندی کے اترنے کا مقام ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ مومنین کی جنت الماویٰ اور صدیقوں کا سدرۃ المنتہیٰ ہیں جنہیں رات کے بعض حصّہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کی طرف سیر کرائی گئی اور انہیں بلند آسمانوں کی طرف سب سے بلند بساط قرب تک اٹھایا گیا تو آپ افق اعلیٰ میں تمام انبیاء پر سربلند ہوئے جبکہ قریب ہوئے پس اور قریب ہوئے اور آپ نے رسولوں کے کمالات کی انتہا کو جمع فرمایا پس آپ قاب قوسین او ادنیٰ کے مرتبہ پر فائز ہوئے۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جنہیں کریم نے اپنی عظیم نشانیاں دکھا کر عزّت عطا فرمائی نہ آنکھ کسی طرف پھری اور نہ

Marfat.com

بے راہ ہوئی، حد سے بڑھی اور رحیم نے ان کی طرف اپنے عظیم اسرار وحی فرمائے دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا، جنہیں ہمارے مولائے عظیم نے دنیا و آخرت میں بہتری اور عزّت کے انتہائی مدارج عطا فرمائے اور انہیں اپنے اس ارشاد سے عزّت و عظمت عطا فرمائی " اور بے شک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے "۔

اے میرے اللہ (درود بھیج) ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر وہ درود بھیج کہ اس سے دل راحت پائے اور مطمئن ہو اور ایمان میں برکت ہو ایسا درود کہ ہمیں تیرے حکم کی تعمیل کی طرف لے جائے اور ہمیں تیری حمد و شکر کی ہدایت دے اور تیری تسبیح و ذکر ہمارے دل میں ڈالے اور ہمیں تیری خوشنودی اور معافی عطا کرے۔ وہ درود کہ اس کی وجہ سے ہم تیری حفاظت میں داخل ہوں اور اس کی وجہ سے ہم تیرے فضل اور ہدایت کو پالیں۔ اے میرے اللہ ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر وہ درود بھیج کہ ہمیں تیرے انعام کے سمندر میں غرق کر دے اور ہمیں تیرے اعزاز اکرام کے دربار میں اٹھا لے جائیں اور تو ہمیں ان کی وجہ سے اپنی رضا کی جنتوں کے باغیچوں میں داخل فرما اور تو ہمیں اپنی جنتوں کی نعمتوں میں وہ کچھ عطا فرمائے کہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی بشر کے دل میں کھٹکا اور تو ہمیں اپنے احسان کی وسعتوں اور خوشنودی کے میدان میں اپنے رخ انور کی زیارت سے بہرہ ور فرما۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ خشوع کرنے والوں کے چہروں کا حسن، سالکوں کی عقلوں کی قوت، عبادت گذاروں کے نفسوں کی پاکیزگی، روزہ داروں کا سفر خرچ، مدد مانگنے والے مومنوں کی جائے پناہ اور انبیاء و مرسلین کے لیے حق و باطل میں فرق کرنے والے قرآنی نور ہیں۔

Marfat.com

اے میرے اللہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر درود بھیج کائنات کی ان چیزوں کی تعداد کے برابر جنہیں قدرت نے ایجاد فرمایا اور ان چیزوں کی گنتی کے برابر جو ازل میں ارادۂ قدرت میں خاص کی گیئں اور غیبوں میں مخفی اسرار کی تعداد کے برابر اور ان کامل کلمات کے برابر جنہیں قلم نے لکھا۔

وہ درود جو درودوں میں بلند، برکتوں میں بالا، تیری سرمدیت کے ساتھ دائمی، تیری دیومیت کے ساتھ ابدی، تیری ازلیت کے ساتھ باقی، تیری عظمت کے ساتھ عظیم، تیری عنایت اسے شامل اور تیری حفاظت اس کی کفیل ہو۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ تیری خاص عجائبات کا نچوڑ، تیری صفتوں کے جمال میں تیرا مظہر کامل۔ تیری آیات کے معنوں میں متحیر لوگوں کے دلوں کا خوف، تیری عجیب و غریب مخلوقات میں غور و فکر کرنے والوں کی حیرت، تیرے بندوں کی روحوں کو تیرے فیوض کا آبِ حیات پلانے والے اور تیری ہدایت کے راستے کی طرف تیرے بندوں کے راہنما ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ متبسم خوبصورت دانتوں والے، حسین سرگین آنکھ والے، روشن چہرے والے، چمکتے نور والے بلند مقام، عالی مرتبت، ہر رسول اور نبی کی نشانی اور ہر نیک متقی کی سعادت ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ عطاء و سخاوت والے۔ شجاعت بہادری اور وفا والے تیرا صراط مستقیم اور تیری معتدل راہ جن پر تیرا یہ قول کریم اترا: بیشک تمہارے پاس تمہیں میں سے عظیم الشان رسول تشریف لائے جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں گذرتا ہے، تمہاری بھلائی چاہنے والے، ایمان والوں پر نہایت ہی مہربان رحم فرمانے والے ہیں
اے میرے اللہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ پہلی لطائف کا

Marfat.com

سورج، قدسی حقائق کا چراغ، رحمانی غیبوں کی کنجی اور مرتبہ احسان کے فیوض کا سرچشمہ ہیں۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ روحوں کی روح کرم صبحوں کی خوش خبریوں کا نور، اللہ تعالےٰ کی تقدیر کے کھولنے والے اور پاکبازوں کے چہروں میں حیا کی علامت ہیں۔

اے میرے اللہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر درود بھیج اور انہیں سب سے کامل عزت، سب سے بلند مرتبہ اور مقام قرب و وسیلہ سے وہ عطا فرما جو آپ کو محبوب اور پسندیدہ ہو اور انہیں مقام محمود پر جلوہ گر فرما اور اپنی بارگاہ میں انہیں مقام کریم عطا فرما۔ اے میرے اللہ ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ قبولیت التجار کا وسیلہ عظمٰی اور بلاؤں کو دور کرنے کے لیے سب سے قوی ذریعہ ہیں۔ اے میرے اللہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ کائنات میں اللہ کے محبوبوں کے لیے سعادتوں کا پرچم پاکیزہ اعمال کی ابتداء اور باقی رہنے والے نیک کاموں کے حصول کا ذریعہ ہیں۔ اے میرے اللہ ان کا ذکر بلند فرما۔ ان کا مرتبہ بلند فرما، انہیں اجر عظیم عطا فرما، ان کا مقام بالا فرما ان کی بزرگی کو دوام بخش اور ان کی شفاعت عام فرما اور انہیں مقام وسیلہ فضیلت اور بلند و بالا درجات عطا فرما اور انہیں لواء الحمد، مقام محمود، حوض جس پر کہ سب وارد ہوں گے۔

ہمیشہ کی عزت، درجہ بلند اور مرتبہ عالی سے سرفراز فرما اور ہمیں اپنے عرش عظیم کا سایہ عطا فرما اور ہمیں ان کے صدقے اپنی ہمیشہ کی خوشنودی سے مشرف فرما۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ پاکیزہ بلند روح، کھلی جائے پناہ، شفاعت کرنے والے جن کا مقام ہر معزز مقام سے اونچا اور ہر رتبہ عظیم سے بالا رتبہ ہے!

Marfat.com

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ واصلین حق کے لیے تجلیات کے جامع، حیرت والوں کے لیے رحمتوں کا قبلہ، عبادت گذاروں کے لیے نیکیوں کا محراب اور عبرت حاصل کرنے والوں کے لیے ہدایت کا منبر ہیں وہ درود کہ اس کی وجہ سے تو دلوں کو پاک فرما دے اور اس کے سب گناہوں کو بخش دے اور اس کی وجہ سے حادثوں کو دور فرما دے اور اس کی وجہ سے دکھ درد دور فرمائے اور ہمیں اپنے دارالخلود جنّت میں مشاہدۂ جمال ذات کی نعمت سے نواز دے اے کرم وبخشش والے۔

اے میرے اللہ اپنے دربار لقا کا سب سے کامل درود بھیج اور اپنے مقام احسان کا سب سے خوبصورت سلام فرما اور اپنی افضل برکت فرما اس پر جو تیرے انعام کے تقدس میں یقین رکھنے والے ہیں ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ جو کہ تیرے اکرام کی محراب میں ترتیل سے پڑھا جانے والا اہلیت کا قرآن، تیرے اولیاء کے نفسوں میں تقویٰ کا فرقان معظم، تیرے منتخب بندوں کی زندگی میں بزرگ صحیفوں کا معنے، تیرے متقی بندوں کے صحیفوں میں مضبوط کتابوں کا راز، پاکیزہ کلمہ جس کی شاخ تیرے آسمان میں بلند ہے۔ زبردست ابلتا ہوا سمندر جس میں تیری جود وعطا کی موجیں متلاطم ہیں اور تیرے انواع واقسام کے احسانات کا ہر ہجوم شیریں گھاٹ ہیں۔ اللہ تعالےٰ آپ پر ایسا درود فرمائے جو کہ آسمانوں کو اور جو کچھ کہ ان میں ہے کہ اللہ تعالےٰ کی عجیب وغریب مخلوق سے بھر دے اور زمینوں اور جو کچھ ان میں ہے کو اللہ تعالےٰ کی عجائبات صنعت سے باردار کر دے۔

ایسا درود کہ ہم اس کی بدولت لا الٰہ الا اللہ کے حلقہ میں داخل ہو جائیں اور اس کی برکت سے ہم اپنے آقا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Marfat.com

کے رخِ انور کا مشاہدہ کریں اور تو ہمیں اس کی بوجہ سے اللہ تعالےٰ کی اطاعت کی توفیق
کا ذوق دل میں ڈال دے اور تو اس کے سبب سے اللہ تعالےٰ کے فیصلہ پر رضا
سب کچھ اللہ کے حکم کے سپرد کرنے اللہ پر بھروسہ اور اللہ کے حکم کے سامنے
جھک جانے کا شرف عطا فرما ہمارے اس درود کو ہمارے اوّل و آخر کے لیے
کے معنی کثرت سے نعمت اور رحمت کر دے اور حساب کے دن ہمیں ان کی شفاعت
عطا فرما اور انہیں ہمارے لیے اپنی بارگاہ میں قرب اور اچھے مقام کا ذریعہ بنا اور
جزا کے دن ہماری خطائیں بخش دے اور نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور نیکوں کے
ساتھ ہمارا حشر فرما اور رسولوں پر سلام ہو اور سب خوبیاں اللہ کے لیے ہیں
جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔

نورِ اوّل کے درود شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے میرے اللہ درود بھیج اور سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ
حضرت محمدؐ پر جو کہ ہمارے معتمد، ہمارے مددگار، ہماری پناہ گاہ، ہماری امید،
ہمارے طبیب، ہماری دوا، ہماری شفاء، ہماری آنکھوں کا نور، ہماری روحوں
کی زندگی، ہماری عقلوں کا چراغ، قیامت کے دن ہمارے مونس، ہمارے حشر
میں ہمارے ضامن، ہمارے رب کے پاس ہمارے شفاعت کرنے والے اطاعت
کرنے والے حبیب، دلیل قطعی اور پھیلنے والا نور، عرض قبول فرمانے والے
رجوع الی الحق رکھنے والے، شفاعت فرمانے والے، گواہ حاضر، قیادت فرمانے
والے پیشرو، رہبر بہادر مجاہد، پرہیزگار، شکر گذار حمد کرنے والے، ذکر کرنے

Marfat.com

والے بے رغبت، عبادت گذار، لا الہ الا اللہ کا ورد کرنے والے تسبیح کرنے و
سجدہ گذار، روشن فرمانیوالا، چودھویں کا کامل چاند، عادل جس کا عدل عام او
چیز کو شامل، صدیق مخلص، سیدھی راہ، باوفا، وفا شعار، نور ظاہر، جمال ر
تو امنح فرمانے والے بلند مرتبہ، نبی معصوم، سید معروف، مبلغ معتمد، آنکھ
کی پتلی سراپا ضیاء شعار وفا، مجسمۂ صفا رحیار برکت، سچی شکر گذار زبان و
خشوع و ذکر کرنے والے دل والے، روشن تابندہ فکر والے، علیم صحیح را
والے، بابرکت سعادت والے، بے حد تعریف کیے گئے سراہے گئے۔ سچا
کا کلمہ، عالی مقام پسندیدہ گواہ، وفا شعار سخی رشید، اللہ کا احسان انسانوں او
جنوں میں سب سے برتر، سب مخلوق سے ممتاز سردار ہر دو جہان، پیکر طہارت
عفت، مجسمۂ عدل و انصاف، بے حد شکر گذار، مدد فرمانے والے، مدد کیے
گئے۔ سچائی کے نبی، حق کے رسول۔

غالب دلیل والے، ہدایت کے آفتاب، مخلوق کے فریاد رس، بیان کا
سرچشمہ طٰہٰ یٰسین، ابوالقاسم امانت والے، پاکیزہ ذات والے رحم فرمانیوا
حسین صفتوں والے بڑے باوہ ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر رحمتوں کے اترنے
کی جگہ اور ان کی اصل، خیرات کا منبع اور ان کا فیض، عقلوں کا سورج اور ان کا
نور، افطار کا چراغ اور ان کی روشنی، نفسوں کی ہدایت اور ان کی تازگی او
دلوں کی راحت اور ان کی صفائی۔ اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضر
محمدؐ پر جو کہ تیری رافت سے راوف، تیری رحمت سے رحیم، تیری عزت سے عز
تیری عظمت سے عظیم، تیری قدرت سے قوی، تیری نعمت کی بزرگی سے بلند مقا
تیری محبت کی بدولت عالی جناب ہیں۔

Marfat.com

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر تروتازہ خوبصورت باغ شیریں سبیل کوثر، وسیع وعریض سایۂ رحمت، اصل ایمان، کائنات کی بہار، اللہ تعالیٰ آپ پر زماں و مکاں میں درود فرمائیں اور آپ کی آل پر جو احسان والے ہیں اور آپ کی اصحاب پر جو عرفان کی کان ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات پر جو کہ شفقت و مہربانی والیاں ہیں وہ درود کہ اس کے سورج کی شعاعیں ساری کائنات کو بھر دیں اور ساری موجودات کو اپنی خوشبودار مہک سے معطر کر دے۔

اے میرے اللہ دُرود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر موجودات کی تاریکی میں نورِ اوّل، تمام اسماء و صفات میں جلوہ ریز عقل مطلق، زندہ نگہبان دل جو کہ فیوض و برکات سے بہرہ ور ہونے کے لیے تیار کیا گیا۔ تمام ایجادات کو شامل ازلی زندگی کی ابتداء اور جمال مطلق جس کے حسن کے آئینہ میں سے حقائق تجلّیات صاف نظر آتے ہیں تو آپ اصول کی ابتداء فروع کی انتہاء اور مخلوقات کے وجود کا مقصد ہیں۔
اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ رب کریم کی طرف آدم کا وسیلہ، مصیبت سے یونس کی نجات، طوفاں سے نوح کا بچاؤ، خلیل الرّحمٰن ابراہیم کی دعا، ہارون کی فصاحت، موسیٰ کی آیت، حکمتِ لقمان، معیشتِ عیسیٰ، جمال یوسف اور سلیمان کی بادشاہی ہیں۔ (علی نبینا وعلیہم الصلوٰات والتسلیمات)

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر محبّت والوں کی منہ بولتی نعمت، زاہدوں کی سچی رغبت، محبّت کرنے والے دلوں کے لیے امداد کثیر کا سرچشمہ ارواح عاشقہ کے لیے ہزاروں رحمتوں کے ساتھ بھیجے گئے۔ ایسا درود کہ اس کی برکت سے ان کی روشن غالب نگہبانی کے انوار کے ساتھ میرے حواس ہدایت حاصل کریں اور اس کی وجہ سے ان کی روشن دمکتی ہدایت کے ساتھ میرے افکار مطمئن ہوں۔

Marfat.com

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ حیران پھرنے والوں کی ہدایت، مظلوموں کا زور، خوف والوں کی پناہ، دل بستگان کا بچاؤ، طالبوں کی کفایت، جہانوں کے لیے بھیجی گئی رحمت، متقین کے لیے تقویٰ کا لباس، ایمان والوں کے لیے پرخلوص دوستی، ہدایت پانے والوں کے لیے مجلس صدق، اللہ تعالیٰ کا قوی مضبوط قلعہ، مخلصین مقربین کی رعایت کا سرچشمہ اور اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں سے بہترین ہیں۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ سجدہ گذاروں سے برتر، عبادت کرنے والوں سے اکمل، شکر گذاروں کے امام، حمد کرنے والوں کے آقا، تواضع کرنے والوں میں سب سے زیادہ باجمال اور اللہ کی ساری مخلوق سے زیادہ عزت والے ہیں۔

اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو کہ پاک محفوظ راز اللہ کی کتاب کا چھپا ہوا راز جاننے والے، وہ کتاب جسے پاک لوگوں کے سوا کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا، قرآنی حروف کے معنوں کو جاننے والے، فرقانی آیتوں کے بھید پہچاننے والے، ہماری کفایت کا کاف، ہماری ہدایت کی ہا، ہماری یسر آسانی کی یا، ہماری عزت کی عین، ہمارے صراط مستقیم کا ص، حق کی حا، ملک کی میم، عز کی عین، سر کا سین اور قہر کا قاف ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے اس قول کے ساتھ مخصوص فرمایا "آپ پر حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن اتارا جاتا ہے" اے میرے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر اور ہمارے سردار حضرت آدم اور ہماری ماں حضرت حوا پر اور ہمارے سردار حضرت نوح ابراہیم اسماعیل، اسحاق، یعقوب، یونس، ایوب، سلیمان، داؤد، ادریس، ہود صالح، لوط، شعیب، ذی الکفل، الیاس، یوسف، ہارون، زکریا، یحییٰ، موسیٰ

Marfat.com

اور عیسیٰ (علیٰ نبینا علیہم الصلوٰۃ والسلام) پر اور درود بھیج سب انبیاء و مرسلین پر وہ درود ان تک پہنچے جہاں بھی وہ یا ان کے مزارات ہوں اور جہاں بھی وہ یا ان کی ارواح جلوہ گر ہوں۔

وہ درود جو کہ تیرے فضل کے احسان کی خوشبو کی مہک سے معطر، تیری جود و لطف کی ہمیشگی کے ساتھ دائم ہو جس کی اعداد و شمار میں حد نہ ہو اور کوئی شخص اس کی حقیقت کا احاطہ نہ کر سکے جو حد و شمار اور جو کچھ اس سے اوپر ہے اور جنہوں پر اور جو کچھ ان کے بعد ہے پر فائق ہو۔ اے میرے اللہ ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر درود بھیج کہ ہم اس کے سبزہ زاروں کی ہوا کی مہک کی خوشبو سے روح و ریحان کی خوشبو محسوس کریں اور اس کی محبت کی وفا کے خلوص سے ہماری روحوں پر نور عرفان کی کرنیں پڑیں اور اس کے احسان کی کثرت کے بادلوں سے ہمارے خشک جسموں پر ایمانی قوت کی باران رحمت برسے اور اس کی برکت سے تو ہمارے دلوں پر اس کی خوبیوں کے نفیس حقائق کی خصوصیتوں سے قلبی راحت اور جسمانی صحت القا فرما اور اس کی وجہ سے ہماری جانوں کو نقص و محرومی کے عیوب کی رکاوٹوں سے پاک فرما۔ ایسا درود جس سے کوئی زمانہ اور مکان خالی نہ ہو جو عزت، کرامت اور احسان کے تاج سے مزین ہو اور ہمیں ان لوگوں میں سے کر دے کہ نعیم کے باغات میں ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

ان میں ان کی پکار یہ ہوگی کہ اے اللہ تو پاک ہے اور ان میں ان کا مجریٰ سلام ہوگا اور ان کی آخری پکار یہ ہوگی کہ سب خوبیاں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔

Marfat.com

۵۔ "روشن ستاروں کے درود شریف"

اے میرے اللہ درود و سلام بھیج اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ بہترین اوصاف اور اسماء کے ساتھ موصوف ہیں اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ حیا کے تاج کا ستارہ اور روشن شریعت کا گوہر تابدار ہیں اور درود بھیج ہمارے مولا حضرت محمدؐ پر جو کہ علم کا سمندر ہیں جو کہ حکمت و دیانت کی نہروں سے پر ہے اور درود فرما ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جب تک کہ آسمان کا سورج ہر طرف چمک رہا ہے اور درود بھیج ہمارے مولا حضرت محمدؐ پر جب تک روحیں صفا کے میدانوں میں پھر رہی ہیں اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر بارشوں کے قطروں اور ہوا کے ذرّوں کی تعداد کے برابر اور درود فرما ہمارے مولا حضرت محمدؐ پر اور نافرمانی اور ریاء کا شر ہم سے دور فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر روحوں کے سانس لینے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح اور فضا میں ستاروں کی حرکت کی گنتی کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اللہ کا سورج اور اس کی روشنی ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ آسمان کا چاند ہے جب اس کے بعد آئے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ دن کا نور ہے جب اسے روشن کرے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر کیا ہی پاکیزہ اور کیا ہی شیریں کلام اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر وہ درود کہ اپنی چمک کی ضیاء میں بلند ہو اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر کامل درود کہ اس کی بلندی کا اور ادراک نہ ہو سکے اور درود فرما ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر دائمی اور بے حد درود اور درود بھیج ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد

Marfat.com

جب تک کہ فصاحت و وضاحت کے ساتھ قرآن پاک کے معنی ظاہر ہوتے ہیں
اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں ان کی محبت کے حوض کوثر سے
مشروب شیریں پلا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمارے دلوں کو
شکوک و شبہات سے محفوظ فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو
کرم کی وسعتوں والے عالی جناب ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر
جو کہ یوم حساب کی ہماری سب سے بڑی پناہ گاہ ہیں اور درود بھیج ہمارے
مولیٰ حضرت محمدؐ پر کنکریوں، ترمٹی، ریت اور مٹی کے ذرات کے برابر اور
درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ، آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر
آسمانوں کی انتہا تک اور ہمارے دلوں سے ظلمت اور پردہ اٹھا دے اور
ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود بھیج جن کے رخ انور کے نور سے سب
روشن ستاروں نے بھیک لی ہے اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود بھیج
جو کہ کامل اخلاق اور عمدہ عادات والے ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر
درود بھیج جو کہ اطاعت کے سبزہ زاروں میں سایہ افگن تقویٰ کا شجر عظیم
ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ دنیا کی رونق اور موجودات
کی رحمت ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں شب معراج سب
سے کامل تحفوں سے نوازا گیا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ جو کہ بھلائیوں
کا دروازہ اور برکتوں کی کنجی ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمد پر جو کہ
اسرار و صفات کے فلک کا سورج ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود
بھیج اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر وہ درود کہ زمینوں اور آسمانوں کے
وزن کے برابر ہو اور اس کی برکتیں سب مخلوق کو عام ہوں اور درود بھیج
ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تمام انبیاء و مرسلین سے اعلیٰ، خاتم النبیین

Marfat.com

جنت کے وارث ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ شدید غم
سب جہانوں کے مددگار ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ
انس کا سبزہ زار اور محنت کش اور طالب کی حد ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت
پر درود بھیج جب تک سبزیاں اگیں اور کسان کھیتی باڑی کریں اور درود بھیج
ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ پاکیزہ
اخلاق والے اور سہل خو ہیں۔

جب تک ان کا نور چمکے تو دلوں کے لیے بہترین داعی ہو اور ہمارے مولیٰ
حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ معراج کی شب قاب قوسین او ادنیٰ تھے اور
درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تمام راستوں میں ظاہر ہونے والی حق کی
قوت ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ متلاطم موجوں والا عظمت کا
سمندر ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ان کی برکت سے ہمارے
لیے غم سے کھلی خلاصی فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور سب آل
اصحاب اور ازواج پر اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ رخ انور اور
روشن پیشانی والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اسرار و
ارواح کے جہانوں کے لیے مسند اعلیٰ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ
پر جو کہ ہدایت کا اجالا اور صبح کا نور ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر
کہ جو کہ دربار کریم و فتاح تک پہنچنے والوں کا نور بصیرت ہیں اور درود بھیج ہمارے
مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ سخاوت کا دریا، کامیابی کا یاقوت اور درستی کا جوہر ہیں
اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج
پر جو کہ پرہیزگاری، کامیابی اور مراد پانے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ
حضرت محمدؐ پر جن کی شریعت تمام شریعتوں کو منسوخ کرنے والی ہے اور درود

Marfat.com

بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو کہ اہلِ برزخ کے لیے رحمت کبریٰ اور نعمت عظمیٰ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ محمدؐ پر جو کہ غالب مرتبہ اور بڑی بلند عزّت والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اصلی بزرگی اور بلند و بالا مقام والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر فاصلوں میلوں اور فرسنگوں کے برابر اور بلند و بالا پہاڑوں کے وزن کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ دل کی روح، سینہ کی شفا اور دل کی آنکھ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں جامع کلمات عطا فرمائے گئے اور جو ضاد کا مخرج ادا کرنے والوں میں سب سے زیادہ فصاحت والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ بندوں میں سے نصیحت ماننے والوں کے لیے بہت بڑی آیت اور عظیم نعمت ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اللہ تعالےٰ کے حکم سے اللہ تعالےٰ کی طرف قصد و مراد کی انتہا تک ہدایت فرمانے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تقویٰ سے بہترین زادِ راہ حاصل کرنے والوں کے سردار ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر جو کہ توفیق، درستی اور ہدایت والے ہیں۔

وہ درود جو نہ زائل ہو اور نہ ختم ہو۔ قیامت تک ہمیشہ رہے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ پناہ لینے والوں کے لیے مضبوط قلعہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ سیّد، محبوب، معتمد، عرض قبول فرمانے والے ملجا اور جائے پناہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر اور ان کی برکت سے ہمیں ہر بد خلق اور خود پسند سے بچا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ کمال، حسن

Marfat.com

اور وقار والے ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر وہ درود بھیج کہ افکار اس کی عظمت کا احاطہ نہ کر سکیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ باغات کا حسن اور پھولوں کی مہک ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ درختوں کا ترانہ اور سمندروں کے پانی کا نغمہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جب تک پرندے چہچہائیں اور صبح کی ہوائیں چلیں۔ اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ سردار ہیں بہترین ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ سچائی کے نبی اور حق و وفا کے رسول ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ معزز نبی مختار اور رسول ممتاز ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر وہ درود بھیج کہ ہم اس کی وجہ سے نجات اور کامیابی پائیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ نبیوں کے امام، رسولوں میں افضل سب لوگوں سے بہتر ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر حرکات و سکنات، دل میں پیدا ہونے والے خیالات اور سانسوں کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ بھلائی، فضیلت، عدل اور انس کی اصل ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں وسوسہ ڈالنے والے اور ذکر سے پیچھے رہنے والے شیطان سے بچا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں جنوں اور انسانوں سے محفوظ فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ قوّت شجاعت اور بہادری والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ میل کچیل اور نجاستوں سے پاک کیے گئے ہیں۔ نافرمانیوں اور میل کچیل سے محفوظ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ نرم خو اور پاکیزہ روح والے ہیں اور

Marfat.com

درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں اللہ نے ہر خیانت کرنے والے دھوکہ دینے والے سے نجات عطا فرمائی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ جھگڑے، فساد اور اعناد سے پاک ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ دنیا کے ہر ساز و سامان سے بے نیاز ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں دوری اور وحشت سے ان کے ساتھ انس عطا فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ متبسّم چہرے والے ہنس مکھ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر ہر کھڑے، بیٹھے اور چلنے والے کی تعداد کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جن کے خوابگاہوں اور بستروں سے اللہ کے لیے پہلو جدا رہے۔

اے میرے اللہ درود و سلام بھیج اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ ازل کے زمرد، ابد کے یاقوت مقام فردیت ہیں جمع الجمع، حق کے مظہر اور سچائی کی کان ہیں۔ اے میرے اللہ تمام درودوں کے ساتھ درود بھیج اور تمام سلاموں کے ساتھ سلام فرما اور وافر برکتوں کے ساتھ برکت فرما۔ زمین و آسمان والوں کے آقا، ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ عالی مرتبہ انبیاء کا فخر ہیں ایسا درود کہ اس کی وجہ سے تو مجھے میری تمام امراض اور بیماریوں سے شفاء دے اور اس کی وجہ سے تو میری پیچھے اور آگے سے حفاظت فرمائے اور اس کی وجہ سے میرے گناہ اور جرم معاف فرما اور اس کی وجہ سے میری پریشانیاں اور غم غلط فرما اور میں آپ کی اپنی بیداری اور خواب میں زیارت کروں اور میری زندگی میں مجھے اس کی وجہ سے سعادت مند فرمائیں اور میری وفات کے بعد مجھے اس کی وجہ سے عزت عطا فرمائے۔ ایسا درود کہ اس کی وجہ سے ہماری تمام مشکلات دور فرمائے جن میں ہم اپنے دینی، دنیوی اور اخروی کاموں کی

Marfat.com

وجہ سے گھرے ہوئے ہیں اور آپ کی آل ، اصحاب پر سلامتی عطا فرما۔ اے میرے اللہ اے قدوس اے سلام ہماری طرف سے ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد کو سلام پہنچا دے آپ پر سلام ہو اے (غیب کی خبریں دینے والے) نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ درود و سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اے اللہ کے رسول ، اللہ تعالیٰ آپ پر درود بھیجے تمام زمانوں میں وہ درود جو کہ ازل سے ابد تک دائمی ہو۔ ہمیشہ رہنے والا کہ نہ لوٹایا جائے اور نہ ہی حد حساب میں آسکے وہ درود کہ بلند آسمانوں کے ملائکہ بار بار اس کا تکرار کریں اور اپنے اپنے برزخی زمانوں میں روحیں اس کا جواب دیں اور آپ کے اہل بیت ، اصحاب ، ازواج اولاد اور آپ کی امت پر اور ان کے ساتھ ہم پر بھی اے سب جہانوں کے پروردگار۔

صلوات مشرق الانوار۔ الوار کی مشرق کے درود

اے میرے اللہ درود و سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں محبت و اخلاص کا تاج پہنایا گیا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ حدود و قصاص کے ساتھ انسانوں کو تہذیب سکھانے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ گنہگاروں کی شفاعت فرمانے والے اور ہر عاصی کے لیے رحمت ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر جو کہ محبت اور خصوصیتوں والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ گلستانوں میں پھولوں کا تبسم ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر روشن جواد اور چراغ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ کفر و اعتراض کرنے والوں کے خلاف جہاد فرمانے والے ہیں اور درود بھیج

Marfat.com

ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو بغیر تنگی کے ہمیشہ خوش ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر وہ درود کہ اس کی حدو انتہا نہ ہو۔ اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کا اپنے مولا کے ساتھ مضبوط رابطہ ہے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور تمام انبیاء و مرسلین اور ان کے پوتوں اور اولاد پر اور درود فرما ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ کمی بیشی کے بغیر سب لوگوں کے لیے رحمت بناکر بھیجے گئے اور درود فرما ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ محنت مجاہدہ اور خوشی کے ساتھ تیری اطاعت میں مصروف ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تیرے دربار عالی میں بہمہ وجوہ خوش وخرم ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں ان کی سیرت کے ساتھ سیدھی راہ کی ہدایت عطا فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ ان کی برکت سے خطاؤں اور غلطیوں سے محفوظ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر خاموش اور بولنے والے کی تعداد کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ نگہبان دل اور قلب بیدار والے ہیں اور درود فرما ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ ان سب سے بہتر ہیں جنہیں حکمت وعظمت عطا فرمائی گئی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ روشن بصیرتوں اور بیدار دلوں والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ روشن چہرے اور حیران کن جمال والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اپنے رب کے مطیع، رجوع کرنے والے خوف خدا رکھنے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تابع فرمان نبی اور شفاعت فرمانے والے رسول ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ باران رحمت اور چمکنے والا لوتی ہیں اور درود بھیج ہمارے حضرت محمدؐ پر جو کہ خلق سے منقطع تہجد گذار

Marfat.com

سجدہ ورکوع کرنے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ حجت کامل اور
دلیل قطعی ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج
پر جن کے پہلو اللہ کی اطاعت میں خوابگاہوں سے جدا رہتے تھے اور درود بھیج ہمارے
مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں تو نے اپنی ظاہری باطنی نعمتیں من کل الوجوہ عطا فرمائیں
اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہوں نے پوری جامعیت و کمال کے ساتھ
تمہاری طرف سے پیغام پہنچایا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ ہر سرکش
اور باغی پر اللہ کی تیغ برہنہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کے سینے
کو تو نے حکمت سے پر فرمایا اور اسے پورے طور پر اس میں پلٹ دیا اور درود بھیج
ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ عیش کوشی، سستی اور فارغ نشینی سے پاک ہیں اور
درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر اور ہمیں
آپ کے حوض سے پلا جو سیر کر دے اور خوشگوار ہو اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت
محمدؐ پر جو کہ نور، ہدایت اور عدل و انصاف لے کر تشریف لائے اور درود بھیج ہمارے
مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کی وجہ سے یا اللہ تعالیٰ تو نے دلوں کو جمع فرمایا اور انہیں اختلاف
سے پاک فرمایا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں اللہ نے ہر خوف
محفوظ فرمایا اور نجات دی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ گنہگاروں
کی بیشی والوں کی شفاعت فرمانے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت
پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ پاکیزہ عادات اور نفیس خصلتوں
ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اعلیٰ خصلتوں سے موصوف و عظیم الاخلاق
ہیں۔ اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ مطلقاً تجلیات الٰہیہ کے طلوع
مقامات کا عرش ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں معراج کرائی گئی
یہاں تک کہ آپ ساتوں آسمانوں سے آگے گذر گئے اور درود بھیج ہمارے

Marfat.com

حضرت محمدؐ پر جو کہ تمام اطراف میں اللہ کی آیت کبریٰ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ عہد و میثاق کے نگہبان ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ انوار کی مشرق اور دائرۂ افلاک کا قطب ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تیری رعایت عنایت اور ہدایت کے ساتھ مخصوص ہے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تیرے غیر سے تجھ میں فنا ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کی افلاک نے خدمت کی اور فرشتوں نے پہرہ دیا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ تیری محبت کی صافی شراب اور تیری حمایت کی خوشبو ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جنہیں تو نے اپنی رضا کے ساتھ سعادت مند فرمایا اور اپنی حمایت کے ساتھ محفوظ فرمایا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر، آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ مخلوق پر گراں قدر نعمتیں انعام فرمانے والے اور تیری جود کا دریا ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ روح وجود اور جمال غالب والے ہیں اور ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر درود بھیج جو کہ آفات و بلیات سے ایمان والوں کے بچاؤ کا قلعہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ مختار، امین شرف و کمال کا تاج ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ حشر و سوال کے دن دائمی وسیع سایہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کی اقوال و افعال میں تائید فرمائی گئی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر روزیوں، رزقوں اور عمروں کی گنتی کے برابر اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر جو کہ عظیم فضیلتوں اور کامل خصلتوں کے زیور سے آراستہ ہوئی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ مخلوق کی پناہ گاہ اسلام کا قلعہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ قوی شدید، شجاع اور بہادر ہیں اور درود

Marfat.com

بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ غلافوں میں لپٹے ہوئے پھول کی خوشبو ہیں اور بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ معرفتوں کا طلوع یافتہ سورج اور مخلوق کی بد کو چودھویں کا چاند ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ احسان و اکرام مصدر ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں اعلیٰ مقام میں انکی زیارت عطا فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ کستوری کی مہر لگی ہوئی محبت کی نتھری ہوئی شراب ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل اصحاب اور ازواج پر جو کہ جمال الوہیت میں شدید متحیر ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ مضبوط و مستحکم دل والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ ہر گمراہ اور حیران کے راہنما ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر ایسا درود کہ اس کی وجہ سے تو ہمیں نفس میں پاکیزگی بدن میں صحت آنکھ میں نور باطنی قویٰ میں رقت، سماعت میں طاقت، آنکھوں میں سرمہ نور قلب میں طہارت اور زبان میں عفت عطا فرمائے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ نور ایمان اور کنز احسان ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے انسانوں اور جنوں کے سب جہانوں کو ہدایت عطا فرمائی اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جو کہ تمام زمانوں کی انتہا تک دائمی ہو اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جن کے معنی کو سمجھنے میں مخلوق کی عقلیں حیران رہ گئیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ لا الہ الا اللہ کہنے والوں میں افضل ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ عظیم مرتبہ اور جاہ والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں ان کی بدولت ظاہری باطنی جمعیت عطا فرما اور ہمیں ان کی زیارت سے بہرہ ور فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور انہیں منزل بلند میں اتار اور انہیں ان کی پسند تک پہنچا

Marfat.com

اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور انہیں مقام شفاعت و وسیلہ اور اپنی بارگاہ میں انہیں معزز مقام عطا فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر دائمی درود کہ اس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ مہربان رحم فرمانے والے، شفقت اور مہربانی والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ عالی قدر، رعب اور بلندی درجات والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ اللہ کے محبوب اور بارخداوندی میں قرب و نزدیکی والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ گمراہوں سرکشوں کو مٹانے والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ سب سے اونچے مقام والے ہیں جو کہ ہر رفعت اور بلندی کا جامع ہے اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور ازواج پر جنکی وجہ سے ہماری تمام تمنّائیں اور امیدیں پوری ہوتی ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ رسول امین صادق اور وفا شعار ہیں اور درود بھیج ہمارے حضرت محمدؐ پر جو اچھوں میں سب سے اچھے،

ہر رسول اور نبی کے امام ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور میرے والدین پر رحم فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور مجھے مصیبت سے محفوظ فرما اور اپنا حفاظت کا پردہ مجھ پر پھیلا اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ نبی امی عربی ہاشمی ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ ہر عارف و ولی کا وسیلہ ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ قوی ایمان والے ہیں اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں ہر ظاہری اور باطنی برائی سے نجات عطا فرما اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور ہمیں بھی سیدھی درست راہ پر ثابت

Marfat.com

قدم رکھ اور درود بھیج ہمارے مولیٰ حضرت محمدؐ پر اور آپ کی آل، اصحاب اور از
پر جو کہ بلند عزّت اور حسین نور والے ہیں۔

اے میرے اللہ درود و سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت
محمدؐ پر جو کہ ہر مشاہدہ میں آنے والی چیز کی صورت میں جمال قدرت کا شہد او
حق سبحانہٗ و تعالےٰ پر دلالت کرنے والے وصال کا سرچشمہ ہیں اور آپ کی آل
اصحاب اور ازواج پر جو کہ فضل و کرم اور سخاوت والے ہیں۔

اے میرے اللہ درود و سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت
محمدؐ پر جو کہ مقام قرب کا جلوہ، تجلی کا راز، امام الانبیاء اور یقین کا چراغ ہیں او
آپ کی پاکیزہ آل، معزز اصحاب اور پاکیزہ ازواج امہات المومنین پر۔ اے
میرے اللہ درود و سلام اور برکت فرما ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمدؐ پر جو کہ
تیرے انوار کی ہدایت دینے والے، تیرے اسرار کے جامع، تجھ پر دلالت کرنے
والے اور تجھ تک پہنچانے والے ہیں وہ درود کہ اس کی وجہ سے ہر تنگی و ترشی
دور ہو جائے اور ہم اس کی وجہ سے ہر بھلائی اور سہولت حاصل کریں اور ہمیں
ہر تکلیف اور بیماریوں سے شفا دے اور ہمیں خطرے کے مقامات اور غموں سے
خلاصی بخشے اور بیداری اور خواب میں ہماری نگہبانی کرے اور ہمیں زمانے کی
مصیبتوں اور ایام کی مشقتوں سے نجات دے اور آپ کی آل پر جو کہ اسلام
کے ہادی ہیں اور اصحاب پر جو کہ سردار اور مقتدا ہیں اور آپ کی پاکیزہ مکرم
ازواج پر اور اے ہمارے رب ہمیں اعلیٰ مقام میں ان کی بارگاہ میں جمع فرما اور
اے ہمارے مولیٰ ہمیں ان کے پڑوس میں اچھا خاتمہ عطا فرما۔

Marfat.com

دربار محمدی (علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات)
میں نعتیہ درود شریف

روشن درود، معطر سلام، کامل تحفے اور پے در پے برکتیں ہوں آپ پر اے میرے آقا اے اللہ کے رسول، اے خاتم الانبیاء اے اصفیاء کے قائد اے متقیوں کے سردار، اے زمین و آسمان والوں سے افضل واعلیٰ، درود و سلام ہو آپ پر اے حق کے وہ نور جو کہ عالم مخفی سے عالم ظہور و ترقی کی طرف ظاہر ہوا۔ پس آدم اسی روشنی کا ایک جلوہ ہے۔

درود و سلام ہو آپ پر اے ہر شئے کا حسن اور اس کی معنوی حقیقت اے اس زندگی کی انسانی شکل جو کہ ان لاہوتی لطائف میں جاری و ساری ہے اے اس فیض کے سرچشمہ جو کہ انسانی حواس کو ملنے والا ہے۔ اے وجدانی حواس کے جام طہور شوق درود و سلام ہو آپ پر اے اللہ کے دوست، آپ نور کے اعتبار سے جہانوں میں اوّل، ظہور کے لحاظ سے رسولوں میں آخر، مشاہدہ کے اعتبار سے نبیوں میں ظاہر، شریعت و دین کے ساتھ سابق، حقیقت اور یقین کے ساتھ باطن اور پیغام رسالت پہنچانے اور بیان کرنے کے متعلق تاکیدی وعدوں کے نگہبان ہیں۔

درود و سلام ہو آپ پر اے انوار توحید کے چراغ کے طاق، اے شان ابداع و تفرید کے ہالہ (گھیرا)، اے تجرید و تجید کی معرفتوں میں درجہ کمال پانے والے، اے نفیس نصیحتیں فرمانے والے اے جس نے حاضر دماغ ہو کر توجہ سے سنا۔ درود و سلام ہو آپ پر اے برکتوں کے کوثر، خیرات کی

Marfat.com

بارش، تجلیات کے مطلع اور سعادتوں کی مشرق۔ درود و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ آپ کی وجہ سے ارواح کو عرفانی معنوں تک ترقی حاصل ہوئی اور آپ کی برکت کے وجود سے نورانی فرشتے معرض وجود میں آئے اور بلند افلاک آپ کی ضیاء کے سورج کے انوار سے منور ہوئے اور تمام موجود مخلوقات نے آپ کے فیوض و برکات کی مدد سے امداد مانگی۔ درود و سلام ہو آپ پر اے چمکنے والے عرشی انوار کی تصویر۔ اے عالم قدس کی بلندیوں میں انس و محبت کی سخاوت، اے نفوس لبشریہ کی سیرابی کے لیے خوشگوار شراب، اے احساسوں کا ذوق اور ان کے بہت ہی بلند روحی معنوں میں اس کا مظہر، اے محبت کی تصویر جو کہ جمال کی صفات کمالیہ سے موصوف ہوئی۔

درود و سلام ہو آپ پر اے روح حیات اور موجودات کے سورج اے انسانی شکل میں اللہ کی رحمت، اے غیبوں کے آسمان۔ اے قویٰ باطنہ کی بیداری، اے دلوں کی پاکیزگی اے احسان کی جزاء اے عالم موجودات کی عقل، اے زمانے کا ضمیر، اے شعور کی باریکی اے بیان کی وحی۔ اے بھلائی کی قوت مدرکہ، اے قرآن کا فہم۔ اے روح کی جنت اے رضوان کی سبزی درود و سلام ہو آپ پر اے انس و محبت والے، اے سایۂ رحمت اے بلند مقام والے، اے نور حکمت، اے ہدایت کے سورج، اے عدل کی بنیاد۔ اے بندوں کی رحمت۔

درود و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ عقلیں آپ کی عظمت کا ادراک من کل الوجوہ نہیں کر سکتیں۔ اے وہ ذات کہ آپ نے موجودات کی فضا کو چمک اور انوار سے بھرپور فرمایا۔ اے زندگی کے درخت پر برسنے والی باران رحمت جس کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں کو خوب خوب

Marfat.com

پاک فرمایا۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے آپ کو حاضر و ناظر بنا کر بھیجا اور خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب ، درود و سلام ہو آپ پر اے حق اور مخلوقات کے درمیان ازلیات کے برزخ ، اے سختیوں اور تنگیوں میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ، اے اسرار کی عظمت جو کہ کمالات کے اوائل میں سرایت کیے ہوئے ہے ۔ درود و سلام ہو آپ پر اے اللہ کی رحمت اور اس کا اکرام۔ اے اللہ کی نعمت اور اس کا احسان ۔ اے اللہ کی ہدایت اور اس کا انعام۔ اے اللہ کا عطیہ اور اس کا الہام ۔ اے خیر کی جائے ابتدار اور اس کا طریقہ اے سعادت کے مظہر اور اس کی مہر۔

درود و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ آپ سورج کی رونق اور نور ستاروں کا جمال اور ظہور ۔ زندگی کی تازگی اور مسرت اور پانی کا منظر حسین اور پاکیزگی ہیں ۔ درود و سلام ہو آپ اے نور یقین کی شعاع ۔ اے عارفوں کی بصیرت کی آنکھ ، اے توحید پرستو کے رازہائے سربستہ کی طہارت اے غور و فکر کرنے والوں کی سوجھ بوجھ ، اے مصیبت زدوں کی فرحت اے غم زدوں کا اطمینان ۔

درود و سلام ہو آپ پر اے نور شہد ۔ اے ستاروں کی سعادت اے زمانے کی آیت ، اے خلود کا معجزہ ۔ اے پھول کی مہک ۔ اے وجود کا تبسم ۔ درود و سلام ہو آپ پر اے دلوں کے طبیب ۔ اے جسموں کی شفا۔ اے نفسوں کی زندگی ۔ اے بیماریوں کی دوا ۔ اے وہ ذات کہ آپ کی ہتھیلی میں کنکریوں اور کھانے نے تسبیح پڑھی اور آپ کے لیے شیر خوار بچہ بولنے لگا ۔ اور آپ کے لیے مکڑی نے جالا تنا اور کبوتری نے انڈے دیئے اے وہ

Marfat.com

ذات کہ آپ نے دودھ کے ایک پیالے سے کافی مخلوق کو سیر فرمایا۔ اے وہ ذات کہ آپ کے لیے چاند شق ہوا اور بادل نے آپ پر سایہ کیا۔ درود وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ آپ پر درختوں نے سلام پڑھا اور آپ کی رسالت کی پتھروں نے گواہی دی اور کھجور کا تنا آپ کا مشتاق ہوا اور غار نے آپ کو چھپایا۔ اے وہ ذات کہ آپ کی نبوت کے جلال سے بڑے بڑے اونچے پہاڑ کانپنے لگے اور آپ کی انگلیوں کے درمیان سے شیریں پانی بہہ نکلا اور اونٹ نے آپ کی خدمت میں سجدہ کیا اور ہرنی نے فصیح زبان کے ساتھ آپ سے گفتگو کی۔ اے وہ ذات کہ آپ کے قدم کا پتھر پہ نشان لگ گیا اور ریت میں نشان نہیں لگا۔ اے تاج براق اور معراج والے۔

اے خیبر کے نبی، اے سخاوتوں کی کان، اے وہ ذات کہ آپ نے لیلۃ الاسراء میں عالم بیداری میں اپنے رب کو دیکھا نہ کہ عالم مثال میں اور آپ نے اپنے مولا کا دل کی آنکھ سے مشاہدہ کیا نہ کہ خیالی آنکھ سے اور آپ نے جنگ کی شدت میں کتنے خطرات برداشت کیے اور کتنے طاقتوروں بہادروں کی طرف پیشقدمی فرمائی اور اقوال وافعال میں آپ نے لوگوں کے لیے اچھا نمونہ پیش فرمایا اور اللہ کی طرف سے آپ کی خصوصیت ہے جس میں آپ کی عزت وتوقیر ہے اور کوئی محال نہیں تو اللہ سب کچھ کر سکتا ہے جو کہ بڑا بلند ہے تو آپ کے معجزات کو زبان بیان کرنے سے عاجز ہے اور آپ کی آیات واضح بیان کرنے والی ہیں اور آپ کی فضیلت مآب عادات جب تک زمانہ ہے باقی ہیں کیونکہ آپ کی اطاعت کو اللہ تعالٰے نے اپنی اطاعت کے ساتھ ملا کر بیان فرمایا۔ "جو رسول کی اطاعت کرے تو بے شک اس نے اللہ کی اطاعت کی" اور آپ کی بیعت کو عین اپنی بیعت قرار دیا۔

Marfat.com

"بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں جز این نیستکہ وہ اللہ کی بیعت کر رہے ہیں" اور اپنی کتاب کے راز مخفی میں آپ کی زندگی کی قسم فرمائی۔" آپ کی عمر کی قسم بیشک وہ اپنے نشے میں بھٹک رہے ہیں" اور آپ کو تمام لوگوں کے لیے رسول بنایا"

" اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں" اور جب تک آپ ان میں ہیں "عذاب نہیں فرمایا" اور اللہ کی شان نہیں کہ انہیں عذاب دے جبکہ آپ ان میں تشریف فرما ہیں" اور آپ کو تمام امتوں پر گواہ فرمایا" تو کیا کیفیت ہوگی جب ہم ہر امت سے گواہ لائیں گے اور آپ کو ان پر گواہ لائیں گے اور ایمان والوں کو آپ کی بارگاہ میں بات کرنے کا ادب سکھایا۔ رسول کے پکارنے کو اپنے درمیان اس طرح نہ ٹھہرالو جس طرح ایک دوسرے کو پکارتے ہو" اور رحمٰن ورحیم نے آپ کو اچھی صفات اور قابل تکریم خوبیوں سے نوازا۔" اور بیشک آپ خلق عظیم پر فائز ہیں" اور اللہ تعالٰے نے آپ کو پہرے داروں سے بے نیاز کر دیا" اور اللہ آپ کو لوگوں سے بچائے گا" اور آپ پر قرآن پاک کو رحمت اور نرمی کے ساتھ اتارا" "اے چودھویں کے چاند (طٰہٰ) ہم نے آپ پر قرآن اس لیے نہیں اتارا کہ آپ مشقت میں پڑیں"

درود وسلام ہو آپ پر اے خلق کے اور اللہ کی ساری مخلوقات کے سردار۔ اے اللہ کی اطاعت کی طرف ضمیر کی آواز۔ اے اللہ (کی رحمت) کے ساتھ اچھا گمان رکھنے کی طرف دلوں کے راہنما۔

درود وسلام ہو آپ پر اے لیلۃ القدر، اے نورِ بدر، اے مطلع الفجر اے گلاب کی مہک، اے پھول کی خوشبو، آپ مسرت اور سہولت۔ فخر اور ذخیرہ۔ پاکدامنی اور پاکیزگی، فتح و نصرت۔ اور حمد وشکر ہیں۔ درود وسلام

Marfat.com

ہو آپ پر اسے وہ ذات کہ آپ جہانوں کی رحمت اور مسلمانوں کی عزت و امید ہیں
حضور! ہم ہی وہ آپ کے باوفا خدام ہیں۔ آپ کی جناب کا وسیلہ لینے والے
آپ کی امداد پر یقین رکھنے والے۔ آپ کی برکتوں سے بہرہ ور، آپ کی دہلیز
پر (دستہ بستہ) حاضر آپ کی قیمتی امداد اور عظیم شفاعت کے طالب، آپ
کی مدد کا ایک ذرّہ مجھے کافی ہوگا اور آپ کی ایک نگاہ کرم مجھے راضی کر دے
گی، تو آپ کو کسی سچے خادم نے نہیں پکارا مگر آپ نے اس کی آواز پر لبیک
فرمائی اور اللہ کی طرف کسی ایمان والے نے آپ سے مدد نہیں مانگی مگر
اس کی بدبختی دور ہو گئی۔ ہاں۔

دیکھنے والا آپ کو اپنے دل کی آنکھ سے دیکھتا ہے اور اس کی مشکل دور
ہو جاتی ہے اور جب تنگی شدید ہوتی ہے تو آپ کی روح مبارک آپ کے
نیازمندوں پر چمکتی ہے تو آپ رفیق اعلیٰ اور مقام ارفع میں تجلی و نور کی مشرق
اور روشنی اور ظہور میں بالکل واضح ہیں محبت والوں کو آپ کی خیرات پہنچ
رہی ہیں اور مخلصوں پر آپ کا احسان عام ہے تو آپ کی امت اپنی روح
کی بیداری اور خواب میں آپ کا مشاہدہ کر رہی ہے اور آپ سے وہ کچھ مانگتی
ہے جس سے اس کے حالات سدھر جائیں۔

تو آپ ان کی التجا کو ہر اس معاملہ میں قبول فرماتے ہیں جس میں اس
کی بہتری ہو۔ اے ہمارے ہادی و شفیع، میرے آقا، یا رسول اللہ، آپ کے
حق کی سچائی، آپ کے مقام قرب اور رخ انور کی چمک کی قسم۔ منکروں پر آپ
کا مشاہدہ حرام ہے اور وہمیوں کے لیے آپ کی ہمکلامی دور ہے اور شک والوں
پر آپ کے دربار تک رسائی بہت مشکل ہے۔ کیونکہ آپ کا مرتبہ وہم گمان اور
خیال سے پہچانا نہیں جا سکتا اور آپ کا مقام صرف باتوں اندازوں اور

Marfat.com

جگڑوں کے ساتھ معلوم نہیں کیا جا سکتا، تو کون ہے جس نے آپ پر درود پڑھا اور اس پر آپ کی روح کی جلوہ گری نہیں ہوئی؟ اور کون ہے جس نے آپ کی شفاعت مانگی اور اللہ کی مدد اس تک نہیں پہنچی؟ ہم آپ کی حفاظت میں ہیں یا رسول اللہ! ہم آپ کی بارگاہ میں حاضر ہیں۔ یا حبیب اللہ! ہم آپ کی پناہ میں ہیں یا نبی اللہ ہم آپ کے مرتبہ کے زیر سایہ ہیں یا صفی اللہ۔

ہم آپ کے حرم میں حاضر ہیں اے اللہ کی ساری خلق سے زیادہ عزت والے تو ہر شخص جانتا ہے کہ بے شک اللہ تعالےٰ ہی عطا فرمانے والا ہے اور یا رسول اللہ آپ عطا کا مصدر ہیں اور اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اور آپ اس نور کا آئینہ ہیں۔ کیونکہ آپ نور مبین ہیں جس کی چمک نے سب جہانوں کو معمور فرما دیا۔ اور آپ اللہ کی کتاب اور انبیاء کا میثاق ہیں اور آپ ایمان والوں کے دلوں میں حق کی نظر کرم ہیں۔ کیسے نہ ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر محکم بیان لیئے قرآن پاک میں ہدایت اتاری" بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور کتاب مبین آئی" درود و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ عالم غیب میں آپ کی چمک عالم شہادت میں آپ کے نشاں، عالم روح میں آپ کا راز، عالم افلاک میں آپ کے انوار اور عالم برزخ میں آپ کی برکتیں ہیں۔

درود بھیجے اللہ تعالےٰ آپ پر اور آپ کی نیکو کار متقی آل، آپ کے بہترین مقربین اصحاب اور آپ کی پاکیزہ ازواج امہات المومنین پر وہ درود جس کا نور اعلیٰ علیین تک بلند ہو اور جنت میں ہمیشہ رہنے والوں میں اس کی شان بلند ہو اور ہمیشہ ہمیشہ اس کا مقام ارفع و اعلیٰ رہے اور زمانوں تک اس کی فضیلت بڑھتی رہے۔ درود و سلام ہو آپ پر اے امام الہدی، اے سخاوت کے دریا۔ اے مخلوق کے مددگار۔

Marfat.com

اے (بارگاہ خداوندی میں) عاجزی اور بزرگی والے۔ اے قیامت کے دن ساری مخلوق کے آقا۔ اے وہ ذات کہ آپ کو اللہ تعالٰے نے آخرت میں سیادت کے سب سے بلند مرتبے اور سعادت کے عظیم درجات عطا فرمائے۔ اے وسیلۂ کبریٰ والے، اے عذاب وخطرات سے اپنی امت کو بچانے والے۔ اے حشر و سوال کے دن شفاعت عظمیٰ والے، اللہ اور اس کے ملائکہ کا آپ پر سلام ہو اور آپ کی طرف ہماری طرف سے سلام ہو اور ہم پر آپ کی طرف سے سلام ہو۔ بے شک وہ اللہ سے اور آپ کی طرف سے درود وسلام ہو آپ پر اے فتح مکہ اور رزق والے۔

ہم آپ کی بارگاہ میں قلب وروح کے ساتھ حاضر آئے ہیں، آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارا اس بات کا وسیلہ ہیں کہ ہمارا کمال ایمان اور نعمت اسلام پر خاتمہ ہو اور یہ کہ اللہ تعالٰے ہمیں اعلیٰ مقام میں آپ کی خدمت میں جمع فرمائے اور ہمیں بیداری اور خواب میں آپ کی ذات شریفہ کی زیارت عطا فرمائیں اور ہمیں آپ کی جوار رحمت میں اچھا خاتمہ عطا فرمائے اے رسولوں کے امام۔

اہلِ بیت اور صالحین کا منظوم ذکرِ خیر

اے ہمارے رب تو لطیف ہے پس ہمارے لیے سختیوں اور مصیبتوں میں مددگار ہو اور جس شئے کے نزول کا تو نے فیصلہ فرمایا اس میں ہم پر نرمی فرمائے آقا ہم بندے ہیں اور تو رب ہے اور ہم تیری جناب کی طرف دشمن کے خوفناک مکر کو دور کرنے کے لیے وسیلہ پکڑنے والے ہیں حضرت محمدؐ، آپ کی دختر، ان کے زوج مکرم اور ان دونوں کے دونوں صاحبزادوں حسن وحسین کا جو کہ ہدایت کے پرچم ہیں اور اللہ تعالٰے کے انبیاء پھر اس کے رسولوں اور اسی طرح معززؑ

Marfat.com

ملائکہ کا جو کہ ہدایت والے ہیں اور حضرت زینب کا جو کہ اچھے اخلاق اور ہدایت کے اونچے مرتبوں تک پہنچے والے امام کی بیٹی ہیں۔ حضرت سکینہ کا جو کہ بلند مقامات والی ہیں پس وہ بڑے حوادث اوائل قیامت میں امداد کا خزانہ ہیں اور حضرت فاطمۃ الزہراء کے جگر گوشہ کا وہ فاطمۃ الزہرار کہ جس نے انہیں مقتدار بنایا مقصد اور عزت پائی۔

امام مرتضیٰ جو کہ دین حنیف کی مدد کے لیے کمر بستہ رہے دختر حضرت رقیہ کا اور ہمارے امام کا جو کہ اچھے روشن اعمال والے معرفتوں کا خزانہ حضرت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل سے اور ان کا وسیلہ جنہیں بزرگی میں سیادت کی فضیلت ہے جو کہ ہدایت یافتہ عبادت گذار مخلوق کی رہنما ہیں (یعنی امام زین العابدین) دونوں جہانوں میں عزت مآب خاتون یعنی حضرت نفیسہ کا جو کہ انعامات اور سخاوت والی ہیں اور حضرت جعفر کی دختر عائشہ کا جن کے ذریعے ہم دکھوں اور دشمنوں کے خاتمہ کی امید رکھتے ہیں اور اہل بدر بلکہ تمام صحابہ کرام کا وسیلہ اور ہمیشہ ہمیشہ ان کی پیروی کرنے والوں کا اور تبرے بندے حضرت نعمان پھر مالک کا قطب الوجود امام شافعی اور احمد کا اور اسی طرح نفیس عادات اور عطا والے۔

ارباب فضیلت کے نیر ابن سعد کا جن کی برکت ہم سے ہلاکتیں دور کی جاتی ہیں۔ حضرت سید احمد بدوی کا جو کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دروازہ بر وت مکارم اور سخاوت کا دریا ہیں۔ رب اعلیٰ کے عابد اور مجاہد کا جو کہ مظلوم کا وسیلہ ہیں اور شاذلی کا اور حق کے پسندیدہ دسوقی کا، قادری اور احمد رفاعی کا اور ہمارے شیخ بیومی کا جو کہ اپنے زمانہ کے سردار ہیں اور علم میں لوگوں سے فائق اور منفرد ہیں۔

Marfat.com

ہمارے شیخ اور جائے پناہ قطب الزمان ابو جبل کا جن کا نام محمد ہے اور ان کے صاحبزادے ابراہیم کا جو کہ ان کے حال کے وارث ہیں جن کی وجہ سے اللہ تعالے نے طریقت کو زندہ فرمایا اور تائید فرمائی۔

اپنے زمانے کے قطب عبدالمقصود کا جو کہ احمد پاک صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر درود کے شیخ ہیں اور یکتا احمد بن ادریس کا جو کہ طٰہٰ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبّت میں انتہا کو پہنچے اور ہمارے امام ابراہیم بن رشید کا جو کہ بلند و بالا فیوض و برکات کا دریا ہیں اور ہمارے سورج اور امام مردوں کے مخبر کا جن کا نام محمّد ہے اور ہمارے شیخ اور مشہور پناہ گاہ حجاج کے محافظ کا، جن کا نام احمد ہے اور ہمارے شیخ و جائے پناہ بکری کا جو کہ ولایت کرامت اور ہدایت کے جامع ہیں اور ہماری پناہ گاہ حضرت لیتی کا وسیلہ جن کی عطا کا دریا اپنوں اور بیگانوں سب کے لیے عام ہے۔ قطب زمان، عرفان کی کان جو کہ حقائق کی اصل کا معائنہ کرتے تھے۔ ہدایت کا پرچم جیسے اپنی چمک دمک میں آفتاب، کتنے مدد کے طالبوں کو آپ نے پناہ اور مدد دی۔ اللہ تعالےٰ ان کی اور ان کی محبّت کی وجہ سے دنیا و آخرت میں ہمیں نفع دے، تمام اولیاء صلحاء کی برکت سے ہماری مدد فرمائے۔ جن کے متعلق قرآن پاک نے مرشد کا لفظ ارشاد فرمایا۔

اے میرے اللہ اپنے فضل سے ہماری مصیبت دور فرما۔ اے میرے اللہ اپنی عفو سے ہماری کمزوری پر رحم فرما۔ الٰہی اپنی جود سے ہمارا رزق آسان فرما۔ الٰہی اپنے علم کے ساتھ ہمارا دل منوّر فرما، اپنی رحمت کے ساتھ ہماری جمعیّت کی مدد فرما۔ اے وہ بہترین ذات جس کے حضور مخلوق کے ہاتھ پھیلے ہوئے ہیں اور قیامت تک مخلوق سے کئی گنا زیادہ ان پر اپنا ہمیشہ درود و سلام فرما۔ اور رسولوں پر سلام ہو اور سب خوبیاں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔

Marfat.com

نعتیہ قصیدہ تمام مخلوق سے بہترین ذات کی تعریف میں :

محمدؐ عربیوں عجمیوں سے افضل ہیں۔ محمدؐ قدموں پر چلنے والوں میں سب سے بہتر ہیں۔ محمدؐ وسیع جامع سخاوت والے ہیں۔ محمدؐ احسان وکرم والے ہیں۔ محمدؐ اللہ کے تمام رسولوں کے تاج ہیں۔ محمدؐ سب اقوال اور کلمات میں سچے ہیں محمدؐ میثاق پر ثابت قدم اور اس کے محافظ ہیں۔ محمدؐ پاکیزہ اخلاق وعادات والے ہیں۔ محمدؐ جن کی طینت کو نور سے سیراب کیا گیا محمدؐ جو اوّل سے نور رہے ہیں۔ محمدؐ عدل کے ساتھ فیصلہ فرمانے والے بزرگی والے ہیں محمدؐ انعام اور حکمتوں کی کان ہیں۔ محمدؐ مضر قبیلے میں سے اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر ہیں۔ محمدؐ اللہ کے تمام رسولوں سے بہتر ہیں۔

محمدؐ آپ کا دین برحق ہے جس پر ہم عمل کرتے ہیں۔ محمدؐ ڈنکے کی چوٹ سے حق کو پھیلانے والے ہیں۔ محمدؐ کا ذکر ہماری جانوں کی راحت ہے محمدؐ کا شکر تمام امتوں پر فرض ہے۔ محمدؐ دنیا کی زینت اور تازگی ہیں۔ محمدؐ پردے اور تاریکیاں ہٹانے والے ہیں۔ محمدؐ سردار ہیں کہ ان کی تمام فضیلتیں پاکیزہ ہیں۔ محمدؐ کو رحمان نے نعمتوں کے ساتھ سنوارا۔ محمدؐ اللہ کے چنے ہوئے اور فضیلت دیے ہوئے ہیں محمدؐ تمام تہمتوں سے پاک ہیں۔ محمدؐ مہمان کے لیے تبسّم فرمانے والے۔ اس کی عزت افزائی فرمانے والے ہیں۔ اللہ کی قسم محمدؐ کے پڑوسی کا حق ضائع نہیں کیا جاتا محمدؐ کے بھیجنے سے دنیا بابرکت ہو گئی۔

محمدؐ آیات اور حکمتیں لے کر تشریف لائے۔ لوگوں کے اٹھائے جانے کے دن محمدؐ ہماری شفاعت فرمانے والے ہیں۔ محمدؐ کا نور ہمیں تاریکیوں سے ہدایت دینے والا ہے۔

Marfat.com

محمدؐ اللہ کے لیے قائم، ہمتوں والے ہیں محمدؐ تمام رسولوں کے خاتم ہیں۔
صلّی اللہ تعالےٰ علیہ والہٖ وصحابہ وبارکؐ وسلّم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

یٰسٓ ۔ حکمت والے قرآن کی قسم، بیشک تم سیدھی راہ پر بھیجے گئے ہو، عزت والے مہربان کا اتارا ہوا تاکہ تم اس قوم کو ڈر سناؤ جس کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے تو وہ بے خبر ہیں۔ بیشک ان میں اکثر پر بات ثابت ہو چکی ہے تو وہ ایمان نہ لائیں گے۔ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق کر دیے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں تو یہ اوپر کو منہ اٹھائے رہ گئے اور ہم نے ان کے آگے دیوار بنادی اور ان کے پیچھے ایک دیوار اور انہیں اوپر سے ڈھانک دیا تو انہیں کچھ نہیں سوجھتا اور انہیں ایک سا ہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان لانے کے نہیں۔

تم تو اسی کو ڈر سناتے ہو تو نصیحت پر چلے اور رحمٰن سے بے دیکھے ڈرے تو اسے بخشش اور عزت کے ثواب کی بشارت دو۔ بیشک ہم مردوں کو جلائیں گے اور لکھ رہے ہیں جو انہوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں پیچھے چھوڑ گئے اور ہر چیز ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب میں۔ اور ان سے نشانیاں بیان کرو اس شہر والوں کی جب ان کے پاس فرستادے آئے جب ہم نے ان کی طرف دو بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا۔

تو ہم نے تیسرے سے زور دیا۔ اب ان سب نے کہا ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں، بولے تم تو نہیں مگر ہم جیسے آدمی اور رحمٰن نے کچھ نہیں اتارا تم نرے جھوٹے ہو وہ بولے ہمارا رب جانتا ہے کہ بے شک ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمہ نہیں مگر صاف پہنچا دینا۔ بولے ہم تمہیں

Marfat.com

منحوس سمجھتے ہیں بیشک تم اگر باز نہ آئے تو ضرور ہم تمہیں سنگسار کریں گے اور بیشک ہمارے ہاتھوں تم پر دکھ کی مار پڑے گی۔ انہوں نے فرمایا تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہے۔ کیا اس پر بدکتے ہو کہ تمہیں سمجھایا گیا۔ بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک مرد دوڑتا آیا۔ بولا اے میری قوم بھیجے ہوؤں کی پیروی کرو۔ ایسوں کی پیروی کرو جو تم سے کچھ اجر نہیں مانگتے اور وہ راہ پر ہیں اور مجھے کیا ہے کہ اس کی بندگی نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف پلٹنا ہے۔ کیا اللہ کے سوا اور معبود ٹھہراؤں کہ اگر رحمان میرا کچھ برا چاہے تو ان کی سفارش میرے کچھ کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے بچا سکیں۔ بیشک جب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں،

بیشک میں تمہارے رب پر ایمان لایا تو میری سنو۔ اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو۔ کہا کسی طرح میری قوم جانتی۔ جیسی میرے رب نے میری مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں کیا اور ہم اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اتارا اور نہ ہمیں وہاں کوئی لشکر اتارنا تھا، وہ تو بس ایک ہی چیخ تھی جبھی تو وہ بجھ کر رہ گئے اور کہا گیا کہ ہائے افسوس بندوں پر جب ان کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اس سے مذاق ہی کرتے ہیں۔

کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب ان کی طرف پلٹنے والے نہیں اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور حاضر لائے جائیں گے اور ان کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ کیا ہے اور پھر اس سے اناج نکالا تو اس میں سے کھاتے ہیں اور ہم نے اس میں باغ بنائے کھجوروں اور انگوروں کے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے کہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں، اور یہ ان کے ہاتھ کے بنائے نہیں تو کیا حق

Marfat.com

نہ مانیں گے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں
جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں
ان کے لیے ایک نشانی رات ہے ہم اس پر دن کھینچتے ہیں جبھی وہ اندھیرے
میں ہیں اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے یہ حکم ہے۔ زبردست
علم والے کا اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ ہو گیا جیسے
کھجور کی پرانی ڈال۔

سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے
اور ہر ایک، ایک گھیرے میں تیر رہا ہے اور ان کے لیے ایک نشانی یہ ہے
کہ انہیں ان کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے بھری کشتی میں سوار کیا اور ان کے
لیے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں جن پر سوار ہوتے ہیں اور ہم چاہیں تو انہیں ڈبو
دیں تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا اور نہ وہ بچائے جائیں۔ مگر ہماری طرف
کی رحمت اور ایک وقت تک برتنے دینا اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے
ڈرو تم اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے اس
امید پر کہ تم پر رحم ہو تو منہ پھیر لیتے ہیں اور جب کبھی ان کے رب نشانیوں سے
کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو اس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں اور جب ان
سے فرمایا جائے اللہ کے دیے میں سے کچھ اس کی راہ میں خرچ کرو تو کافر
مسلمانوں کے لیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا تو کھلا دیتا
تم تو نہیں مگر کھلی گمراہی میں اور کہتے ہیں کب آئے گا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو
راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ کی کہ انہیں آ لے گی۔

جب وہ دنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہوں گے تو نہ وصیت کر سکیں گے
اور نہ اپنے گھر پلٹ کر جائیں اور پھونکا جائے گا صور جبھی وہ قبروں سے اپنے

Marfat.com

رب کی طرف دوڑتے چلیں گے۔ کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں سوتے سے جگا دیا۔ یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ دیا تھا اور رسولوں نے حق فرمایا وہ تو نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ جبھی وہ سب کے سب ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے، تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا اور تمہیں بدلہ نہ ملے گا مگر اپنے کیے کا۔ بے شک جنت والے آج دل کے بہلاووں میں چین کرتے ہیں وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں ہیں۔ تختوں پر تکیہ لگائے۔

ان کے لیے اس میں میوہ ہے اور ان کے لیے ہے۔ اس میں جو مانگیں ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا اور آج الگ پھٹ جاؤ اسے مجرمو! اے اولاد آدم کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور میری بندگی کرنا یہ سیدھی راہ ہے اور بے شک اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا۔ تو کیا تمہیں عقل نہ تھی۔

یہ ہے وہ جہنّم جس کا تم سے وعدہ تھا آج اسی میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا۔ آج ہم ان کے مونہوں پر مہر کردیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور ان کے پاؤں ان کے کیے کی گواہی دیں گے اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے پھر لپک کر رستے کی طرف جاتے تو انہیں کچھ نہ سوجھتا، اور اگر ہم چاہتے تو ان کے گھر بیٹھے ان کی صورتیں بدل دیتے کہ آگے نہ بڑھ سکتے۔ نہ پیچھے لوٹتے اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اسے پیدائش میں الٹا پھیریں تو کیا وہ سمجھتے نہیں اور ہم نے ان کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں مگر نصیحت اور روشن قرآن کہ اسے ڈرائے جو زندہ ہو اور کافروں پر بات ثابت ہو جائے۔

Marfat.com

کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے ان کے پیدا کئے تو یہ ان کے مالک ہیں اور انہیں ان کے لئے نرم کر دیا تو کسی پر سوار ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں اور ان کے لیے ان میں کئی طرح کے نفعے اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا شکر نہ کریں گے اور انہوں نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرا لئے کہ شاید ان کی مدد ہو وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے لشکر سب گرفتار حاضر آئیں گے، تم تو ان کی بات کا غم نہ کرو بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں۔

کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی کی بوند سے بنایا جبھی وہ صریح جھگڑالو ہے اور ہمارے لیے کہاوت کہتا ہے اور اپنی پیدائش بھول گیا۔ بولا ایسا کون ہے کہ ہڈیوں کو زندہ کرے۔ جب وہ بالکل گل گئیں۔ تم فرماؤ انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار انہیں بنایا اور ہر پیدائش کا علم ہے۔ جس نے تمہارے لیے ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا کی جبھی تم اسے سلگاتے ہو اور کیا وہ جس نے آسمان اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا؟ کیوں نہیں اور وہی ہے پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا۔ اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے۔

تو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے۔

دردوں کی کہانی

ان دردوں کا ایک واقعہ ہے خدا گواہ ہے کہ میرا اس راز کو کھولنے کا ارادہ نہیں تھا کیونکہ مجھے اس سے زیادہ کوئی شے پسندیدہ نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے ان لشکروں کا ایک غیر معروف سپاہی بن جاؤں جو لاکھوں میں

Marfat.com

مشہور ہونے پر خدا کے حضور متعارف ہونے کو ترجیح دیتے ہیں۔ کیونکہ اصل مقصد اللہ تعالےٰ اور اس کی کتاب کی طرف لوگوں کو بلانا ہے اور اس کے نبی علیہ السّلام اور اس کے دوستوں کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ چاہیئے کہ ہم تاریخ کے گذشتہ نصف صدی کی طرف لوٹیں۔ کیونکہ زمانے کا پہیا تیز گردش سے نہیں رکتا اور جب وہ کسی توقف اور مہلت کے بغیر چلتا ہے تو لوگ بھی زمانے کی سواری میں اسی طرح چلتے ہیں تاکہ اس سفر سے زندگی کا سبق اور وجود کی حکمت حاصل کریں

تو کتنی جلدی سال گذر رہے ہیں اور دلوں کے صحیفے لپیٹ رہے ہیں اور اسی لیے تو مجھے دیکھتا ہے کہ میں مجبور ہوں کہ کچھ اختصار میں اچکتی ہوئی نظر ڈالوں اور میں زمانے کے ساتھ ۱۳۳۶ھ بمطابق ۱۹۱۸ء کے موسم سرما کی سخت طوفان اور بارش والی ٹھنڈی اور اندھیری رات کی طرف لوٹتا ہوں جبکہ میں اسوقت پولیس میں سپاہی تھا۔ رات کے پہرے پر شام ۱۱ بجے سے صبح ۷ بجے تک میری ڈیوٹی تھی۔ جب رات گہرے اندھیروں میں عالم وجود کو لپیٹ لیتی تھی تو اسے سخت سردی بھی آ ڈھانپتی تھی اور میں آنے جانے میں رات کاٹتا۔ سیکنڈ، گھنٹوں میں اور منٹ سالوں میں گذرتے اور میں اس سخت طوفانی وقت میں زندگی کے خواب غفلت سے بیدار ہوا اور میں نے اس گھڑی سے زندگی شروع کی، اور میں نے ماضی کے متعلق سوچا تو اسے چھوڑ دیا اور حال کے متعلق تدبر کی اور مستقبل سے میں خائف تھا اور میں نے اپنے آپ کو خوب مشقت میں ڈال کر سوچا کہ میں اس زندگی میں کیا کروں اور یہ مختصر سی عمر باوجود اس طویل رات کے گذاروں۔

تو مجھے دور گہرے غیب کے پردے سے ایک روحانی آواز نے پکارا اے حیران انسان قرآن پاک کی طرف آ، تو میرے دل نے اس آواز کو قبول کر لیا اور میں نے ایک جلوۂ نور محسوس کیا جو کہ میری اطراف قلب کو روشن کر رہا تھا اور

Marfat.com

اس وقت سے میں نے قرآن پاک کو اپنی تنہائی کا مونس اور وحشت کا ساتھی بنا
اور میں نے اللہ تعالےٰ اور قرآن پاک کی طرف راحت و اطمینان محسوس کیا۔ پھر
میں نے سورۃ سجدہ کو زبانی یاد کیا۔ مجھے معلوم نہیں کہ میں نے یہ سورۃ کیسے یاد
کی اور نہ یہ کہ خاص اسے میں نے کیوں چنا اور ایک دفعہ میں اسے نمازمیں پڑھ
رہا تھا کہ مجھے فقہا میں سے ایک شخص نے سنا اور مجھے اس وقت تک کے
لیے پڑھنے سے روکا جب تک کہ میں کسی فقیہ کو سنا لوں اور اللہ تعالےٰ نے
مجھ پر آسانی فرمائی کہ میں نے بعض چھوٹی سورتیں ایک فقیہ سے یاد کرلیں اور
میں زبان۔ دل اور وجدانی کیفیت کے ساتھ پڑھتا تھا اور اس وقت میرے
دل میں حضور صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم پر درود شریف پڑھنے کا ذوق پیدا ہوا
تو میں نے درود شریف کو وظیفہ بنا لیا اور میں نے گنتی کے ساتھ شروع کیا
اور اللہ تعالےٰ کی توفیق و کرم سے ایک ہزار مرتبہ صبح اور اسی قدر شام کو
میرا ورد تھا اور دن گذرتے گئے اور میرا کے عامل کی حیثیت سے
تبادلہ ہو گیا۔

اب میرے پاس کافی وسیع وقت تھا تو میرا ورد ایک ہزار سے بڑھ کر
۵ ہزار ہو گیا اور میں ہر پندراں دن میں دو دن آرام کرتا تو ان دو دنوں میں
۲۴ گھنٹوں کے دوران میرا ورد ۱۴ ہزار تک بڑھ گیا۔

اے پڑھنے والے مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ درود شریف کا وہ
صیغہ پوچھ رہے ہیں جس کے ساتھ میں اتنی زیادہ تعداد میں درود شریف پڑھ
لیتا تھا۔ تو آپ کو میرا جواب یہ ہے کہ بڑے سے بڑا ورد یہ تھا

اللھم صلّ علی سیدنا محمد النبي الامي وعلی اٰله وصحبه وسلّم اور
صلّی اللہ علی محمد صلّی اللہ علیه وسلّم اور محمد صلّی اللہ علیه وسلّم

ورنہ اس مختصر وقت میں میں اتنی زیادہ تعداد میں نہیں پڑھ سکتا تھا اور اسی دوران مجھ پر عجیب طرز اور الفاظ والے درود شریف غالب آتے اور میں انہیں اپنے دوستوں پر پیش کرتا تو وہ اس سے خوش ہوتے اور جمع کر لیتے اور زبانی یاد کر لیتے اور ان حالات کے پیش نظر میں اکثر خواب میں حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم کی زیارت سے مشرف ہوتا یہاں تک کہ میں ایک رات میں ایک بار سے زیادہ مرتبہ زیارت سے بہرہ ور ہوتا اور میرے نزدیک ان میں سے بعض زیارتوں کو تکبر اور فخر کے لیے نہیں بلکہ نصیحت اور عبرت کے لیے بیان کرنے میں کوئی ڈر نہیں۔ اور میری تصدیق کر اور مجھے تصدیق ہی کی امید ہے کہ میں وہی صورت بیان کر سکتا ہوں جو کہ میری روح کے خیال میں محفوظ اور میرے دل کے آئینہ میں منقش ہے اور مقام نبوی شریف علی صاحبہا الصلٰوت والتسلیمات کی مثل بننے سے شیطان کے عاجز ہونے کے بارے میں کوئی جھگڑا نہیں سکتا۔

کیونکہ خود سیّد عالم صلّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم نے فرمایا

"جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو اس نے برحق مجھی کو دیکھا، کیونکہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا" تو یہ خواص اگر کسی چیز پر دلالت کرتی ہیں تو صرف اسی ایک امر پر اور وہ ہے حق کی جانب سیر اور طریق اطاعت اور اخلاق کی پاکیزگی اور استقامت، تو ان خوابوں میں سے ایک میں میں نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم سے پوچھا کہ سب سے افضل عمل کونسا ہے تو آپ نے فرمایا کہ افضل الاعمال یہ ہے کہ نماز کی اس کے وقت میں انتظار کرے اور ایک دوسری خواب میں مجھے حکم دیا گیا کہ میں نہ سوؤں مگر اللہ تعالےٰ کے ذکر پر اور کئی دفعہ میں بیمار ہوتا ہوں تو آپ تکلیف کی جگہ پر اپنا دست مبارک رکھ دیتے ہیں تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے فوراً شفا ہو جاتی ہے اور مجھ پر اللہ تعالےٰ کا یہ بھی فضل

Marfat.com

ہے کہ میں نے اچھے خاتمے کی نیت سے حضور صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم کے ساتھ سورۃ فاتحہ پڑھی اور ایسا بھی ہوا کہ زمانۂ طویل تک حضور صلّی اللہ علیہ والہٖ کی زیارت مجھ سے منقطع رہی تو اس کی وجہ سے بہت غمگین ہوا۔ پھر میں نے آپ کی زیارت کی۔ آپ فرما رہے ہیں تو کیسے غمگین ہے حالانکہ میں تیرے ساتھ ہوں میں تیرے پاس ہوں اور کئی مرتبہ ایسا فرمایا اور ایک دفعہ میں نے آپ سے عرض کی، کیا آپ میرے شفیع ہیں؟ فرمایا میں تیرا شفاعت کرنے والا اور ضامن ہوں اور ایک دفعہ میں نے آپ کو حضرات انبیاء کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے درمیان دیکھا۔

